باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED مستونگ اور گوادر سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Reg # 190-C

Daily ASR-E-NAU Mastung

روزنامہ عصرِ نو مستونگ

Member APNS/CPNE

قیمت 10 روپے

Daily.asrenau@gmail.com

جلد نمبر 27 | پیر 26 اکتوبر 2026ء | 14 جمادی الاوّل 1448ھ | صفحات 6 | شمارہ نمبر 248

وزیراعظم نے ہونہار طلباء و طالبات میں کروم بکس تقسیم کیں، اسلام آباد کے چاق و چوبند دستے نے طلباء کو سلامی پیش کی، تقریب میں "پانچ لاکھ کروم بک، پانچ لاکھ خواب" کے عنوان سے تھیم سانگ بھی پیش کیا گیا

وزیراعظم شہباز شریف کا دو سال میں 5 لاکھ طلبہ کو کروم بکس فراہم کرنے کا اعلان

حکومت نوجوانوں کو جدید تعلیم اور ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی تاکہ وہ مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہوکر پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرسکیں، شہباز شریف

میرٹ اور قابلیت کی بنیاد پر کروم بکس، انٹرنیٹ ڈیوائسز اور بیگز کی فراہمی شروع، ایک انٹرنیٹ کنکشن سے پانچ بچے فائدہ اٹھاسکیں گے، وزیراعظم کا نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے تمام وسائل فراہم کرنے کے عزم کا اظہار، پاکستان بدلتے ہوئے تعلیمی تقاضوں کے مطابق نوجوانوں کے لیے اقدامات کررہا ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک بھر کے سرکاری اسکولوں اور دینی مدارس کے پانچ لاکھ ہونہار طلباء وطالبات کو کروم بکس فراہم کرنے کے پروگرام کا اجراء کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ یہ جدید ڈیجیٹل آلات آئندہ دو سال کے

بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

قلعہ سیف اللہ سیکیورٹی فورسز کی کاروائی فتنہ الخوارج کا کمانڈر ہلاک

دہشتگرد کمانڈر عادل شاہ عرف درویش شاہ دسمبر 2020 سے فتنہ الخوارج سے وابستہ تھا، مالی معاملات کی نگرانی کررہا تھا

قلعہ سیف اللہ (این این آئی) بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت کارروائیوں کے دوران دہشتگرد کمانڈر مارا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق قلعہ سیف اللہ میں آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کا دہشت گرد کمانڈر عادل شاہ عرف درویش ہلاک ہوگیا۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ عادل شاہ دسمبر 2020 سے فتنہ الخوارج سے وابستہ تھا، 2024 سے دہشتگرد گروہ کے مالی معاملات کی نگرانی کررہا تھا۔ ذرائع کے مطابق دہشتگرد کمانڈر غیر مقامی دہشت گردوں کو ٹرو،

بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سعودیہ نے حوثیوں کے 11 میزائلوں کو مار گرایا! 2 افراد زخمی، 3 مکان اور 7 گاڑیاں تباہ

مار گرائے میزائلوں کے ٹکڑے لگنے سے مختلف علاقوں میں مالی نقصانات کی بھی اطلاع ہے

سعودی عرب (م ڈ) فورسز نے جنوبی علاقے میں حوثی باغیوں کے 10 بیلسٹک میزائلوں جبکہ خمیس مشیط کی جانب آنے والا ایک کروز میزائل کو بھی فضا

بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں



اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار جمہوریہ چین کے سفیر ایچ ای ژیانگ ژائیڈونگ سے ملاقات کررہے ہیں

دہشتگردی کے خاتمے تک جدوجہد جاری رہے گی

سرفراز بگٹی

سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کی بدولت دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری ہے اور پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ تک یہ جدوجہد جاری رہے گی، وزیراعلیٰ

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں صوبے سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے عزم کا اظہار ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلعہ سیف اللہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کے اہم دہشت گرد کمانڈر کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کارروائی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے غیر متزلزل ارادے کی عکاس ہے۔ ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں صوبے سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے عزم کا اظہار ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گرد کمانڈر کے خلاف کارروائی سے دہشت گرد نیٹ ورکس اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف مؤثر اقدامات کی اہمیت اجاگر ہوتی ہے بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام کے لیے دہشت گردوں، ان کے مالی

بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ اسماعیل خان میں سیکیورٹی فورسز کا آپریشن، 6 دہشتگرد ہلاک، 2 جوان شہید

شہید نائیک غلام مرتضیٰ کی عمر 36 سال اور تعلق ضلع گجرات سے، 30 سالہ سپاہی تاثیر احمد کا تعلق ضلع تلہ گنگ سے تھا

راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے زرکانی میں انٹیلی جنس بنیاد پر آپریشن کرتے ہوئے بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 6 خوارج کو ہلاک کردیا، جبکہ شدید فائرنگ کے تبادلے میں پاک فوج کے 2 جوان شہید ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آپریشن 24 اکتوبر 2026 کو علاقے میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع پر کیا گیا، سیکیورٹی فورسز نے موثر کارروائی

بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

لائٹ ڈیزل آئل 7 روپے 78 پیسے فی لیٹر، مٹی کا تیل 4 روپے 21 پیسے فی لیٹر مہنگا

نئی قیمت 357 روپے 37 پیسے فی لیٹر ہوگئی۔ اس سے قبل جیٹ فیول کی قیمت 352 روپے 41 پیسے فی لیٹر تھی

اسلام آباد (این این آئی) طیاروں کا فیول، لائٹ ڈیزل آئل اور مٹی کا تیل مہنگا کردیا گیا، قیمتوں میں اضافے کا اطلاق فوری طور پر کیا گیا ہے۔ طیاروں کے ایندھن جیٹ فیول کی قیمت میں 4 روپے 96 پیسے فی لیٹر اضافہ کیا گیا اور نئی قیمت 357 روپے 37 پیسے فی لیٹر ہوگئی۔ اس سے قبل جیٹ فیول کی قیمت 352 روپے 41 پیسے فی لیٹر تھی۔ لائٹ

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

صدر مملکت آصف علی زرداری کا نائیک سیف علی جنجوعہ شہید، ہلال کشمیر (نشان حیدر) کی 78 ویں برسی پر خراج عقیدت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے نائیک سیف علی جنجوعہ شہید، ہلال کشمیر (نشان حیدر) کی 78 ویں برسی پر خراج

بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

عمان سے ایل پی جی کے 2 جہاز پاکستان پہنچ گئے، قیمتوں میں کمی کا امکان

دونوں جہاز مجموعی طور پر 7 ہزار 603 میٹرک ٹن ایل پی جی لے کر پورٹ قاسم پہنچے

کراچی (آن لائن) عمان سے مائع پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) لے کر آنے والے 2 بحری جہاز پاکستان پہنچ گئے، جس کے بعد ایل پی جی کی قیمتوں میں کمی کے امکانات روشن ہوگئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق پاکستان پہنچنے والے دونوں بحری جہاز مجموعی

بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف پاکستان کے ہونہار طلباء کیلئے 500,000 کروم بکس اور مائی فائی ڈیوائسز اسکیم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

پاکستان میں اپنی نوعیت کا پہلا تھیم پارک اسلام آباد میں بنے گا

سعودی سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولتیں فراہم کی جائیں گی، تھیم پارک ایک گیم چینجر پراجیکٹ ثابت ہوگا، اگلے چند ماہ میں سعودی عرب میں رئیل اسٹیٹ کے حوالے سے روڈ شو کا بھی پلان ہے، محسن نقوی

لاہور (این این آئی) پاکستان میں اپنی نوعیت کا پہلا تھیم پارک اسلام آباد میں بنے گا، تاریخی قذافی سٹیڈیم میں پاکستان کے پہلے تھیم پارک پراجیکٹ کے معاہدے پر دستخط کی تقریب منعقد ہوئی، وفاقی وزیر داخلہ و چیئرمین پی سی بی محسن نقوی مہمان خصوصی

بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

حکومت نجی شعبے کیساتھ مل کر معاشی سرگرمیوں کے فروغ، کاروبار کیلئے سازگار ماحول کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے، شہباز شریف

وزیراعظم سے صدر لاہور چیمبر علی حسام اصغر کی ملاقات، شہباز شریف نے پیش کردہ تجاویز کا جائزہ لینے کیلئے کمیٹی تشکیل دیدی

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف سے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر علی حسام اصغر نے لاہور میں ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی معاشی صورتحال، کاروبار اور تجارت کے فروغ، صنعتوں کو درپیش مسائل اور کاروباری برادری

بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کے پی کے اور بلوچستان میں فورسز کی کارروائیاں، پانچ ہفتوں کے دوران دہشت گرد حملوں میں 66 فیصد کمی

18 سے 24 ستمبر کے 61 حملے 16 سے 22 اکتوبر تک 21 رہ گئے، انسٹی ٹیوٹ فار کانفلکٹ اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز کی نئی رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گرد حملوں میں واضح کمی ریکارڈ کی گئی ہے جو سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کے نتیجے

بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ کراچی روٹ پر بدامنی، مسافر کوچ اغواء، ٹرانسپورٹرز کا شدید ردعمل

اربوں روپے خرچ ہونے کے باوجود عوام اور ٹرانسپورٹرز محفوظ نہیں، میر حکمت لہڑی، دولت لہڑی، حبیب بادیزئی، موسیٰ جان اچکزئی

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی اور معروف ٹرانسپورٹرز میر حاجی حکمت لہڑی، حاجی میر دولت لہڑی، ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ بادیزئی، جنرل سیکرٹری میر اکبر لہڑی، نائب صدر حاجی موسیٰ جان اچکزئی اور دیگر نے

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

امریکا ایران کے خلاف ممکنہ حملے کی تیاری کررہا ہے، امریکی جریدہ

امریکا کی مسلح افواج نے طیارہ بردار بحری جہاز جارج واشنگٹن کو ہتھیاروں اور میزائلوں کے ذخیرے کی سپلائی پہنچادی، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی جریدے نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ امریکا ایران کے خلاف ممکنہ حملے کی تیاری کررہا ہے۔ امریکی جریدے کے مطابق امریکا کی مسلح افواج نے طیارہ بردار بحری جہاز جارج واشنگٹن کو ہتھیاروں اور میزائلوں کے ذخیرے کی سپلائی پہنچادی ہے۔ امریکی اخبار کے مطابق بحری جہاز میں ایسے ہتھیار بھی لوڈ کیے جارہے ہیں جو ایران کی زیر زمین ایٹمی تنصیبات اور مضبوط فوجی انفراسٹرکچر کو تباہ کرنے کی صلاحیت رکھتے

بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

فیصلہ سازی میں کور کمیٹی اور سیاسی کمیٹی کو مائنس کرنے کی خبر درست نہیں، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے فیصلہ سازی میں کور کمیٹی اور سیاسی کمیٹی کو مائنس کرنے کی خبر پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ فیصلہ سازی میں کور کمیٹی

بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسرائیل میں انتخابات سے قبل حکومت کے خلاف مظاہرہ

نیتن یاہو اب ملک کی قیادت کے اہل نہیں رہے، اسرائیلی اپوزیشن رہنما

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل میں انتخابات سے قبل ہزاروں افراد نیتن یاہو حکومت کے خلاف سڑکوں پر نکل آئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق تل

بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

جنگ کے باعث عالمی سطح پر تیل بردار جہازوں کے کرایوں میں ریکارڈ اضافہ

کراچی (این این آئی) جنگ کے باعث عالمی سطح پر تیل بردار جہازوں کے کرایوں میں غیر معمولی اضافہ ہوگیا۔ مشرق وسطیٰ سے مشرق بعید جانے والے افرامیکس ٹینکرز کے کرایے یومیہ 2 لاکھ 80 ہزار ڈالر کی ریکارڈ سطح تک پہنچ گئے۔ 2022 سے

بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ایران کی جانب سے پاکستان کیلئے سرحدیں بند کرنے کی خبریں درست نہیں، ایرانی سفیر

تجارت میں رکاوٹ کی وجہ پاکستانی ای فارم کے طریقہ کار میں تبدیلیاں ہیں، ایران کی طرف سے کوئی پابندی نہیں، وضاحت

کوئٹہ (یو این اے) ایرانی سفیر رضا امیری مقدم نے پاکستان کے لیے سرحدیں بند کرنے اور ایل پی جی سمیت دیگر اشیا کی برآمدات پر پابندی عائد کرنے کی خبروں کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران کی جانب سے پاکستان کو کسی بھی سامان کی برآمد پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ ایرانی سفیر کے مطابق پاکستان کو ایل پی جی کی ترسیل میں پیدا ہونے والی رکاوٹ کی وجہ پاکستانی درآمدی طریقہ کار میں تبدیلیاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی ای فارم کے طریقہ کار میں تبدیلیوں کے باعث دونوں ممالک کے درمیان تجارت متاثر ہوئی

بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ایران پر حملہ کل ہی ہو سکتا ہے، امریکی صدر

ایران کے معاملے کو بہت اچھے طریقے سے نمٹایا ہے، اب ممکن ہے کہ باقی کام بھی مکمل کرنا پڑے، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران پر حملہ کل ہی ہو سکتا ہے، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کوئی بڑا معاہدہ طے پا جائے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران پر حملے سے متعلق سوال پر جواب میں کہا کہ میں کسی بھی ممکنہ فوجی کارروائی کے وقت کا نہیں بتاؤں گا۔ انہوں نے کہا کہ ایران کے معاملے کو بہت اچھے طریقے سے نمٹایا ہے، اب ممکن ہے کہ باقی کام بھی مکمل کرنا پڑے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران پر حملہ کل ہی ہو سکتا ہے، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ کوئی بڑا معاہدہ

بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ترکیہ میں دی بیسٹ انٹرنیشنل ملٹری ڈرون ٹیم مقابلے میں پاکستان کی شاندار کارکردگی

انقرہ (آن لائن) ترکیہ میں دی بیسٹ انٹرنیشنل ملٹری ڈرون ٹیم مقابلے میں پاکستان کی شاندار کارکردگی، قوم کا سر فخر سے بلند کردیا۔ عالمی ملٹری

بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

اسحاق ڈار سے چین کے سفیر کی ملاقات، علاقائی پیش رفت بارے تبادلہ خیال

پاکستان اور چین کے مشترکہ مستقبل کو آگے بڑھانے کے لیے اعلیٰ سطح کے تبادلے کے تسلسل کی اہمیت پر زور دیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے عوامی جمہوریہ چین کے سفیر جیانگ زائدونگ نے ملاقات کی جس دوران

بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

قلعہ سیف اللہ میں دہشت گرد کمانڈر کی ہلاکت سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی کا مظہر ہے، شاہد رند

بلوچستان کے عوام امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے قلعہ سیف اللہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کے دہشت گرد کمانڈر کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کی کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ کارروائیاں قابل تحسین ہیں۔ ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، بروقت کارروائیاں اور قربانیاں لائق تحسین ہیں فتنہ الخوارج کے دہشت گرد کمانڈر کے خلاف کامیاب کارروائی بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف فیصلہ کن

بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

ہم مذاکرات کررہے تھے، امریکیوں نے سب برباد کیا، ایرانی صدر

ہم سب کو اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد کی نئی کوشش کرنی چاہیے، بیان

تہران (این این آئی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد کی نئی کوشش پر زور دیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اتوار کو جاری ایک بیان میں ایرانی صدر نے امریکی صدر ٹرمپ کو عبوری ڈیل کی ناکامی کا ذمے دار قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہم مذاکرات کررہے تھے، امریکیوں نے سب برباد کیا۔ صدر پزشکیان نے کہا کہ وہ سمجھتے ہیں کہ اس ڈیل کی تکمیل کی کوشش کرنی چاہیے۔ پزشکیان نے

بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سانگھڑ میں بس اور کار کا تصادم، بچے اور دو خواتین سمیت 5 افراد جاں بحق، 3 زخمی

سانگھڑ/کراچی (این این آئی) ضلع سانگھڑ کے علاقے ٹنڈو آدم جھول روڈ پر مسافر بس اور کار کے درمیان خوفناک تصادم کے نتیجے میں ایک بچے سمیت 5 افراد جاں بحق جبکہ 3 افراد شدید زخمی


بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان اور قطر کا تجارت و سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

پاکستان کا زراعت، معدنیات، صنعت، تعلیم، صحت، سیاحت، آئی ٹی اور دیگر شعبوں میں تعاون کے لیے گیارہ تکنیکی ورکنگ گروپس کو جلد فعال بنانے پر زور

دوحہ (این این آئی) پاکستان اور قطر نے دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے اس حوالے سے پاکستان قطر مشترکہ ٹاسک فورس کا دوسرا اجلاس دوحہ میں منعقد ہوا، جس کی مشترکہ صدارت وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور قطر کے وزیر مملکت برائے امور خارجہ تجارت ڈاکٹر احمد بن محمد السید نے کی۔ اجلاس میں پاکستان اور قطر کے درمیان

بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں



دوحہ، وفاقی وزیر جام کمال اور قطر کے وزیر مملکت پاک قطر جوائنٹ ٹاسک فورس کے دوسرے اجلاس کے دوران اعلامیہ کے مسودے پر دستخط کررہے ہیں

بلوچستان کے 10 ہزار نوجوانوں کو فنی تربیت دے کر روزگار فراہم کرنے کا منصوبہ

کراچی (این این آئی) وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو فنی مہارتوں سے آراستہ کرکے باعزت روزگار فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ بلوچستان میں روزگار اور معاشی خودمختاری کے فروغ

بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں



چنیوٹ، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ میڈیکل کیمپ کے دورے کے دوران میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کررہے ہیں

احتجاجی عمل کے دوران اے آئی کے غلط استعمال کو روکنے کیلئے ضابطہ اخلاق میں ترمیم کا مسودہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے انتخابی عمل کے دوران مصنوعی ذہانت (اے آئی) کے غلط استعمال کو روکنے کیلئے سیاسی جماعتوں، میڈیا اور مبصرین کیلئے 2023 میں جاری ضابطہ اخلاق میں

بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

حکومت معاشی ترقی اور ایس ایم ایز کے فروغ کے لیے پرعزم، جہلم کو خطے کا معاشی و کاروباری حب بنایا جائے گا، بلال اظہر کیانی

لاہور تا راولپنڈی موٹروے کا منصوبہ کھاریاں اور جہلم سے گزرتے ہوئے آئندہ دو سے تین سالوں میں مکمل کرلیا جائے گا، وزیر مملکت

اسلام آباد/جہلم (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی خصوصی ہدایت پر حکومت ملکی معیشت ترقی، صنعتی استحکام اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار (ایس ایم ایز) کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے، جس کے تحت سمیڈا بورڈ کو از سر نو تشکیل دے کر فعال بنادیا گیا ہے، حکومت کا بنیادی کردار نجی شعبے کی سرپرستی اور آسانیاں پیدا کرنا ہے، اسی وژن کے تحت جہلم کے

بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

27 اکتوبر کو پارلیمانی پارٹی اجلاس میں مذاکرات یا احتجاج سے متعلق فیصلہ کیا جائے گا، علی ظفر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما سینیٹر علی ظفر نے کہا ہے کہ 27 اکتوبر کو پارلیمانی پارٹی اجلاس میں مذاکرات یا احتجاج سے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔ اپنے بیان میں علی ظفر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی تک رسائی، خواتین کی رہائی اور علاج سے متعلق امور پر غور ہوگا۔ سینیٹر علی ظفر نے

بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

پی آئی اے کا اہم سنگ میل، پاکستان میں پہلی بار بوئنگ 787-9 ڈریم لائنر طیارے اڑنے کیلئے تیار

قومی ایئرلائن 31 اکتوبر کو جدید طیارے کے ذریعے لندن سے اسلام آباد کے لیے پہلی پرواز چلائے گی

کراچی (این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) نے اپنے فضائی آپریشن میں اہم سنگ میل عبور کرلیا، پہلی بار بوئنگ 787 ڈریم لائنر طیارے پاکستان کے فضائی آپریشن کے لیے استعمال کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق پی آئی اے

بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

سبی کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ اور کلہاڑیوں کے وار کرکے ایک شخص کو ہلاک کردیا

کوئٹہ (این این آئی) سبی کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ اور کلہاڑیوں کے وار کرکے ایک شخص کو ہلاک کردیا تفصیلات کے مطابق اتوار کو سبی کے علاقے کڑک میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ اور کلہاڑیوں کے وار کرکے ایک شخص وزیر خان

بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

تحریک انصاف طالبان اور افغانستان کی تابعداری اور حمایت کرنا چاہتی تھی، پرویز خٹک

گورنر راج کا فیصلہ مشکل تھا، سیاسی طور پر اپنا فیصلہ اچھا نہیں ہوتا، حالات ایسے پیدا کیے گئے کہ مجبوری میں گورنر راج نافذ کرنا پڑا

نوشہرہ (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا اور وزیراعظم شہباز شریف کے مشیر برائے داخلہ پرویز خٹک نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

خیبر پختونخوا کے عوام نے انتشار کی سیاست مسترد کردی، جلد تبدیلی نظر آئے گی، امیر مقام

تحریک انصاف کے 13 سالہ دور حکومت کے خاتمے پر صوبے کے عوام نے سکھ کا سانس لیا ہے نجات ملنے پر خوش ہیں، خطاب

بشام (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان و سیفران امیر مقام نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے انتشار کی سیاست مسترد کردی،

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

افغانستان بے بنیاد الزامات کے بجائے دہشتگردوں کے ٹھکانے ختم کرے، طارق فضل چوہدری

افغانستان اپنی سرزمین سے پاکستان میں ہونے والی دراندازی کا مکمل خاتمہ یقینی بنائے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ افغان حکام کی پاکستان کے خلاف الزام تراشی کو مسترد کرتے ہیں، افغانستان بے بنیاد الزامات لگانے کے بجائے دہشت گردوں کے ٹھکانے ختم کرے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ پاکستان پر لگائے جانے والے افغان الزامات کی کوئی حقیقت نہیں، افغانستان اپنی سرزمین سے پاکستان میں ہونے والی دراندازی کا مکمل خاتمہ یقینی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن کے قیام کی بات کی ہے، تاہم جب بھی

بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

خطے میں امن کی بحالی پاکستان کی معیشت، تجارت اور سرمایہ کاری کیلئے ناگزیر ہے، قیصر احمد شیخ

چنیوٹ (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کے خاتمے، خطے میں جنگی

بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

دہشتگردی اور انتہا پسندی کے خلاف مدارس عربیہ ریاست پاکستان کے شانہ بشانہ ہیں، طاہر اشرفی

مدارس و مساجد کے نام پر دہشت گردی، انتہا پسندی اور فرقہ وارانہ تشدد پھیلانے کی کسی کو اجازت نہیں دیں گے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل و کوآرڈینیٹر قومی پیغام امن کمیٹی حافظ محمد طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ مدارس عربیہ اسلام اور پاکستان کی خدمت کررہے ہیں۔ دہشت گردی، انتہا پسندی اور فرقہ وارانہ تشدد کے خلاف مدارس عربیہ ماضی میں بھی ریاست کے ساتھ کھڑے تھے اور آج بھی ریاست پاکستان کے شانہ بشانہ

بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

این سی سی آئی اے اسلام آباد کی بڑی کارروائی، چائلڈ پورنوگرافی کا بین الاقوامی نیٹ ورک بے نقاب

سکردو کا گینگ لیڈر گرفتار کرلیا گیا، کراچی ہراسمنٹ کیس میں ملزم 13 گھنٹے میں گرفتار کیا گیا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) این سی سی آئی اے اسلام آباد نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے چائلڈ پورنوگرافی کا بین الاقوامی نیٹ ورک بے نقاب کردیا، سکردو کا گینگ لیڈر گرفتار کرلیا گیا، کراچی ہراسمنٹ کیس میں ملزم 13 گھنٹے میں گرفتار کیا گیا، ملزم اپنے

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں

جماعت اسلامی کے ناؤن محدود وسائل کے باوجود شہریوں کی خدمت کررہے ہیں، نعیم الرحمٰن

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے امیر ضلع وسطی سید وجیہ

بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 ملاحظہ فرمائیں



ABC CERTIFIED

روزنامہ عصرنو

Daily ASR-E-NAU

چیف ایڈیٹر و پبلشر سیدہ زہرہ بخاری نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب روڈ دکانی بابا اسٹاپ سے چھپوا کر بیورو آفس پٹیل روڈ نزد ٹینس ہسپتال کوئٹہ سے شائع کیا

فون نمبر 081-2838044

فیکس نمبر 081-2821634

موبائل 0333-78336

گندم کی سرکاری قیمت میں اضافہ

وزیراعظم شہباز شریف نے ملکی زرعی شعبے کے فروغ، کسانوں کے معاشی مفادات کے تحفظ اور آئندہ سال گندم کی پیداوار میں نمو کے لئے اہم فیصلہ کرتے ہوئے 2027ء کیلئے گندم کی مجوزہ قیمت ساڑھے چار ہزار روپے فی من مقرر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اُنہوں نے اپنے بیان میں اُمید ظاہر کی کہ گندم کی مجوزہ قیمت میں اِس واضح اضافے سے کاشتکاروں کو نہ صرف اپنی پیداواری لاگت پوری کرنے میں مدد ملے گی بلکہ وہ مناسب منافع بھی حاصل کرسکیں گے۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ حکومت کی بنیادی ترجیحات میں کسانوں کو گندم کی زیادہ سے زیادہ بوائی کی جانب راغب کرنا شامل ہے تاکہ آنے والی گندم کی فصل سے ملکی پیداوار کے اہداف حاصل کیے جاسکیں۔ اُنہوں نے اِس اَمر کی طرف اشارہ بھی کیا کہ گزشتہ چند برسوں کے دوران مہنگائی اور زرعی اخراجات میں مسلسل اضافے کی وجہ سے کسان برادری کو شدید مالی مشکلات کا سامنا رہا جبکہ ملک کو گزشتہ دو برسوں کے دوران گندم بھی درآمد کرنا پڑی۔ وزیراعظم نے یہ بھی کہا کہ گندم کی مقامی پیداوار میں اضافہ نہ صرف کسانوں کے معاشی مفادات کا تحفظ کرے گا بلکہ ملک کو غذائی ضروریات کے معاملے میں خودکفیل بنانے کی جدوجہد کو بھی تقویت دے گا۔ حکومت کو قوی اُمید ہے کہ اِس فیصلے کے مثبت اور دوررس اثرات ملکی زراعت، گندم کی وافر دستیابی اور کسانوں کی خوشحالی کی صورت میں واضح طور پر سامنے آئیں گے۔ وزیراعظم ہاؤس سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق گزشتہ سال گندم کی قیمت ساڑھے تین ہزار روپے فی من مقرر کی گئی تھی جس کے مقابلے میں آئندہ سال کے لئے اِس کی نئی قیمت میں ایک ہزار روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ اعلامیے میں یہ وضاحت بھی کی گئی ہے کہ اِس اضافے کے بعد ساڑھے چار ہزار روپے فی من کی قیمت فی الحال مجوزہ یا اشاراتی ہے لہٰذا اِسے حتمی طور پر نافذ شدہ سرکاری خریداری قیمت تصور کرنے سے قبل متعلقہ سرکاری اعلان اور درکار انتظامی طریقہ کار کی تصدیق لازمی کی جائے۔ وزیراعظم کے اِس اہم اقدام سے کسانوں کو بڑھتی پیداواری لاگت، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے اور مہنگائی کے دباؤ سے نہ صرف ریلیف ملے گا بلکہ ملک میں گندم کی کاشت کے لئے موثر ترغیبات پیدا ہوسکیں گی۔ اِس سے زرعی معیشت بھی پائیدار بنیادوں پر مستحکم ہونے کی طرف گامزن ہو گی کیونکہ ملکی معیشت کی بحالی اور اُس میں توازن برقرار رکھنے کے لئے گندم اور اُس جیسی بڑی فصلوں کا انتہائی اہم کردار ہے۔ پاکستان میں گندم عام آدمی کی روزمرہ خوراک کا 60 فیصد حصہ تشکیل دیتی ہے۔ پاکستان زرعی ملک ہے اور اِس کی معیشت کا زیادہ تر انحصار بھی زراعت ہی پر ہے۔ دنیا بھر میں پاکستان گندم پیدا کرنے والے ممالک میں آٹھویں نمبر پر ہے۔ ملک میں گندم کی اوسطاً فی ایکڑ پیداوار 28 سے 35 من کے درمیان ریکارڈ کی جاتی ہے۔ یہ اہم فصل پاکستان کی زراعت میں 7.8 فیصد جبکہ ملکی مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) میں 1.9 فیصد کا حصہ ڈالتی ہے۔ اِس اہمیت کے پیش نظر گندم اور اُس کی پیداوار سے متعلق پالیسیوں میں بہتری آنی چاہئے تھی اور کسان کو خوشحال ہونا چاہئے تھا لیکن یہاں صورتحال بالکل اُلٹ ہے، نہ صرف کسان بدحال ہے بلکہ عوام کی روٹی کی ضرورت پوری کرنے کے لئے گندم بھی باہر سے مہنگے داموں درآمد کرنا پڑتی ہے۔ ویٹ پالیسی اینالیسز کی رپورٹ 2022ء سے 2023ء) کے اعداد و شمار کے مطابق اِس شعبے میں 9.1 ملین ہیکٹر رقبے پر بوائی اور 27.3 ملین ٹن کی خوش نما پیداوار کا ایک مثبت منظر نامہ پیش کرتے ہیں تاہم امریکی شعبہ زراعت کی رواں سال کی رپورٹ ”پاکستان: اناج اور خوراک سے متعلق رپورٹ 2026ء“ موجودہ صورتحال میں پیداوار میں کمی کے تشویشناک رجحان کو اُجاگر کر رہی ہے۔ گزشتہ برسوں میں ماحولیاتی بحران نے زراعت کو متاثر کیا مگر اِس کے ساتھ کسانوں کے گندم کی بوائی کے رجحان میں بھی واضح کمی دیکھی گئی

وہ پاکستان کا ”جرنیل سپاہی“

مجیب الرحمٰن شامی

میاں فاروق الطاف لاہور کیا پاکستان کے بڑے بزنس مین تھے۔ تجارت کی اور صنعتکار بھی بنے۔ کروڑوں کیا اربوں کمائے ہوں گے بلکہ کما رہے ہوں گے۔ اُن کے اکلوتے بیٹے سلمان فاروق امریکہ سے اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے واپس آئے بلکہ لائے گئے تو انہوں نے کاروبار سنبھال لیا۔ میاں صاحب نے اپنے آپ کو پاکستان کے نظریے کی ترویج و تبلیغ کے لئے وقف کر دیا۔ ان کی نگرانی میں ان کے فرزند ارجمند کی نظریاتی تعلیم و تربیت بھی ہوتی گئی اور اب ماشاء اللہ وہ بھی اپنے والد کے فکر و عمل کی تصویر ہیں۔ میاں صاحب تحریک پاکستان ورکرز ٹرسٹ کے چیئرمین تھے اور تحریک کے کارکنان کے متعلقین اور متوسلین کی خبرگیری میں مصروف رہتے تھے۔ ادارہء نظریہ پاکستان کی باگ ڈور بھی انہی کے ہاتھوں میں تھی۔ انہی کے زیراہتمام ایوانِ قائداعظم کی تعمیر و تزئین کا کام مکمل ہوا اور پاکستان کی فکری اور نظریاتی اساس کی ترویج و اشاعت کا سلسلہ جاری ہے۔ طلبہ و طالبات کیلئے تربیتی کورس منعقد ہوتے ہیں۔ تحریک پاکستان کے حوالے سے اجتماعات کا اہتمام ہوتا ہے، ہزاروں نوجوان یہاں سے تربیت حاصل کر کے پاکستان کے نظریاتی استحکام میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ ادارہء نظریہ پاکستان کے بانی چیئرمین مجید نظامی تھے، اس کے بعد یہ ذمہ داری سابق صدر پاکستان جسٹس محمد رفیق تارڑ نے اٹھائی، وہ بھی راہیء ملکِ عدم ہوئے تو یہ امانت جسٹس اعجاز نثار کے سپرد ہوئی۔ جسٹس صاحب کی صحت زیادہ سرگرمی کی اجازت نہیں دیتی، ان کے سائے میں میاں فاروق الطاف نے ادارے کا نظم و نسق سنبھالے رکھا اور اس کے پُرخلوص کارکنوں کے ذریعے اسے فعال سے فعال تر بنایا۔ گذشتہ کچھ عرصے سے میاں صاحب گردوں کے مرض میں مبتلا تھے، ڈائلسز شروع تھا، ان کے ہونہار بیٹے نے گھر ہی پر مشین نصب کروائی تھی۔ میاں صاحب کمزور تو لگ رہے تھے، لیکن ان کا حوصلہ جوان تھا۔ یوم آزادی کی تقریب میں بھرپور شرکت کی، گفتگو بھی فرمائی۔ اُمید تو یہی تھی کہ مرض پر قابو پائے رکھیں گے لیکن کسی وائرس کا حملہ ایسا ہوا کہ سانس کی تکلیف ہوئی، ہسپتال پہنچے اور چند ہی روز میں اپنے بلند مرتبت رفقاء سے جا ملے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے حضور طلب کر لیا تھا۔ میاں فاروق نے کم و بیش نو دہائیاں اسی شہر لاہور میں گذاریں۔ یہیں آنکھ کھولی تھی، یہیں تعلیم حاصل کی، یہیں پاکستان زندہ باد کے نعروں سے آشنائی ہوئی اور یہی نعرے لگاتے لگاتے یہیں سے رخصت ہو گئے۔ وہ پاکستان کے سپاہی تھے اور عمر بھر سپاہی رہے۔ جنرل بننے کا شوق کبھی نہیں پالا، مناصب کے پیچھے بھاگے، نہ جاہ و جلال کی تمنا کی، اپنے حصے کا کام کرتے چلے گئے اور یہی کام انہیں ممتاز سے ممتاز تر کرتا چلا گیا۔ جرنیلوں میں انہیں سپاہی سمجھا جاتا اور سپاہی انہیں جرنیل قرار دیتے۔ سپاہیوں کی تعداد بہت زیادہ تھی، اس لئے ان کی جرنیلی کا تاثر بھی زیادہ تھا۔ اُن کی طرح کمانے والے تو کئی ہیں لیکن خرچ کرنے والے کئی نہیں ہیں۔ وہ لاہور کی نواحی بستی باغبانپورہ کے آرائیں خاندان سے تعلق رکھتے تھے، سر محمد شفیع سے لیکر میاں افتخار الدین تک اور بیگم جہاں آراء شاہنواز سے لے کر میاں بشیر احمد تک اس خاندان کے افراد نے قومی زندگی میں نمایاں کردار ادا کیا۔ ہر ایک کی اپنی کنٹری بیوشن ہے جسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہی میں میاں فاروق الطاف نمایاں ہوئے، ان کے دادا ڈاکٹر تھے۔ کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج کے اولین فارغ التحصیل نوجوانوں میں سے ایک، لیکن جوانی ہی میں انتقال کر گئے۔ والد نے سرکاری ملازمت شروع کی، لیکن پھر کاشت کاری کی طرف متوجہ ہو گئے۔ میاں فاروق نے تعلیم مکمل کی، تو دس ہزار روپے اپنے والد سے اُدھار لے کر کاروبار کا آغاز کیا، چھ سات عشرے پہلے یہ بہت بڑی رقم تھی۔ اس کے بعد پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا۔ تحریک پاکستان کے دوران ”بچہ مسلم لیگ“ میں سرگرم رہے تھے، قیام پاکستان کے بعد بھی مسلم لیگ سے تعلق نہیں ٹوٹا۔ میاں ممتاز محمد خان دولتانہ، چودھری محمد حسین چٹھہ، سردار سکندر حیات، خواجہ محمد صفدر، زاہد سرفراز اور اقبال احمد خان کے ساتھ گاڑھی چھنتی رہی۔ محترمہ فاطمہ جناح؟ صدارتی امیدوار بنیں تو ان کی انتخابی مہم میں دل و جان سے شریک ہوئے۔ سیاست کو انہوں نے اوڑھنا بچھونا نہیں بنایا، کاروبار کو سنبھالے رکھا اور بالآخر ادارہ نظریہ پاکستان کے ساتھ جڑ کر تعمیر قوم میں لگ گئے۔ نوجوانوں کی نظریاتی تعلیم و تربیت ان کی زندگی کا مقصد بن گیا۔ اس دوران لاہور میں کئی بستیوں کی تعمیر میں بھی کردار ادا کیا۔ ممتاز بینکار منظور صاحب جنہیں بابائے کوآپریٹو کہا جاتا ہے، کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹیز کی بنیاد رکھنے میں کامیاب ہوئے تو انہوں نے میاں فاروق کو بھی شریکِ سفر کر لیا۔ بعدازاں سلمان فاروق ان کی بیٹی مریم سے بیاہے گئے۔ منظور صاحب اور فاروق صاحب سمدھی بن کر ایک دوسرے کے ساتھ جڑ گئے۔ میاں صاحب کے انتقال کی خبر سنتے ہی منظور صاحب نے سوشل میڈیا پر ان کے ساتھ تعلق کی کہانی سنا ڈالی: ”کنال ویو، ویلنشیا اور ازمیر لاہور کی قابل اعتماد کوآپریٹو سوسائٹیز کے میرے آخری ساتھی یعنی کو فاؤنڈر، Founder-Co آج دنیا سے رحلت کر گئے۔ میاں فاروق الطاف 974 سے میرے دوست تھے۔ ان دنوں میں یو بی ایل لاہور کا ایریا منیجر تھا اور میاں فاروق الطاف بینک کے وی آئی پی کلائنٹ تھے۔ مال روڈ کمرشل بلڈنگ کے اپر فلور پر میاں صاحب کا کمپنی آفس تھا۔ جب یو بی ایل کے ابتدائی سرمائے سے میں نے کنال ویو کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی بنانے کا منصوبہ بنایا تو فنڈنگ کمپنی میں میاں فاروق الطاف نمایاں تھے۔ کینال ویو لاہور کی پہلی منظم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی تھی جو کسی کمرشل ڈویلپر نے ذاتی منافع کے لئے نہیں بنائی تھی۔ ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی لاہور برطانوی دور میں 1920ء میں تعمیر ہوئی تھی۔

ملتان میں لاہور جیسی ترقی، مریم نواز کا کریڈٹ

نسیم شاہد

میں وہ ملتانی ہوں جو اب سیاسی وابستگیوں سے بے نیاز ہو کر یہ خواہش رکھتا ہے کہ لاہور جیسی خوبصورتی ملتان کو بھی ملے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ میں ملتان کی جم پل ہوں۔ یہیں پیدا ہوا، تعلیم حاصل کی، سرکاری ملازمت کی اور ریٹائر ہوا، اب اس شہر میں بسیرا ہے۔ ایک بار امریکہ سے ایک سکالر ہالی ایڈورڈز ملتان آئی اور کسی ذریعے سے اس نے مجھ تک رسائی حاصل کی تاکہ میں اسے ملتان اور گردونواح میں اسلامی آرکیٹکچر کے آثار دکھاؤں۔ میں نے کئی دن اُسے ملتان سے لے کر اُچ شریف تک آثار دکھائے۔ جب وہ جانے لگی تو اس نے پوچھا تم کہاں کہاں رہے ہو۔ میں نے اُسے بتایا میں ملتان میں پیدا ہوا اور ملتان ہی میں ملازمت کر رہا ہوں تو اس کے منہ سے بے ساختہ یہ جملہ نکلا Nasim ofmanluckiestareYou Worldthe (نسیم تم دنیا کے خوش قسمت ترین انسان ہو) اس کی وضاحت اس نے یوں کی کہ تمہاری زندگی میں بے یقینی نہیں، تمہیں پتہ ہے کہ تم نے صبح اُٹھنا ہے تو اس شہر میں رہنا ہے، اسی میں کام کرنا ہے۔ پھر اس نے کہا جو لوگ کرائے کے مکانوں میں رہتے ہیں ان کی زندگی میں یقین بہت کم ہوتا ہے۔ وہ چلی گئی مگر اس کی یہ بات مجھے یاد رہ گئی۔ بہت سے لوگ ہوتے ہیں جو اپنے شہر کی روح کو اپنے اندر سمیٹ لیتے ہیں، ایسے لاہور میں بھی پائے جاتے ہیں، کراچی میں بھی، فیصل آباد، گوجرانوالہ، راولپنڈی، کوئٹہ، پشاور، اسلام آباد غرض بہت سے، انہی کو مٹی کے بیٹے کہا جاتا ہے اس پس منظر میں جب میں ملتان کے حوالے سے سوچتا ہوں، سچی بات ہے اس میں خودغرضی ضرور ہوتی ہے، ویسے تو خواہش یہی رہتی ہے کہ پورا پاکستان ترقی کرے، پورے پنجاب میں لاہور جیسی ترقی ہو، تاہم ملتان کو ترقی یافتہ دیکھنے کی خواہش سب پر بھاری رہتی ہے ابھی چند روز پہلے ملتان میں قلعہ کہنہ قاسم باغ پر جو ملتان کی شناخت ہے، والڈ سٹی اتھارٹی کے تعاون سے قلعہ پر واقع قدیمی لائبریری کو جدید شکل میں ڈھالنے اور اس کے ساتھ ایک بڑا کیفے بنانے کی تقریب ملتان ہیری ٹیج کیفے اور لائبریری کے نام سے منعقد ہوئی تو ڈی جی والڈ سٹی اتھارٹی پنجاب نجم الثاقب نے بتایا ابتداء میں قلعہ کے تہذیبی و تاریخی آثار کو بحال کرنے اور نئی شکل دینے کیلئے پنجاب حکومت نے تین ارب روپے دیئے تھے تاہم کمشنر ملتان نے جب اس حوالے سے کچھ نئے منصوبے پیش کئے تو وزیراعلیٰ مریم نواز نے انہیں پسند کیا اور یہ منصوبہ پانچ ارب تک چلا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کا کہنا ہے ملتان کو ترقی یافتہ شہر بنانے اور اس کے تاریخی ورثے کی بحالی کے لئے بہتر سے بہتر منصوبہ بندی کی جائے۔ فنڈز کے معاملے میں پنجاب حکومت کوئی کمی نہیں آنے دی گی۔ جب میں نے ڈی جی والڈ سٹی پنجاب نجم الثاقب کی یہ بات سنی تو میں نے بے ساختہ تالیاں بجائیں، کیونکہ ایک عرصہ بلکہ دہائیاں ہو گئیں یہ سنتے کہ ملتان کے لئے فنڈز نہیں ملتے۔ کئی منصوبے ملتے ہیں تو تکمیل بلکہ آغاز سے پہلے ان کے فنڈز لاہور منتقل کر دیئے جاتے ہیں مگر وزیراعلیٰ مریم نواز کو یہ کریڈٹ ملنا چاہیے کہ انہوں نے اس روایت کو توڑا، آج ملتان میں بہت سے ترقیاتی منصوبے جاری ہیں جو کئی دہائیوں سے یہاں کے عوام کی محرومیوں کا باعث بنے ہوئے تھے۔ ملتان کی خوش قسمتی یہ بھی ہے کہ اسے ایک اچھا ایڈمنسٹریٹر کمشنر عامر کریم خان کی شکل میں مل گیا۔ حکومتیں بلاوجہ تو فنڈز نہیں دیتیں، تاوقتیکہ منصوبے اور تجاویز نہ پیش کی جائیں۔ ملتان میں شہباز شریف نے دو بڑے منصوبے دیئے تھے، جب وہ پنجاب کے وزیراعلیٰ تھے۔ ایک میٹرو بس سروس اور دوسرا فلائی اوور، اس کے بعد سید یوسف رضا گیلانی نے کینٹ کا فلائی اوور دیا، ملتان کو انٹرنیشنل ایئرپورٹ دینے کی بنیاد رکھی۔ تاہم ملتان کا دیرینہ مسئلہ پرانے سیوریج سسٹم کا تھا جس کی وجہ سے شہر ہلکی سی بارش سے بھی ڈوب جاتا اور ویسے بھی جگہ جگہ گراؤنڈ فیلیئر ہوتے جس سے لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا۔ ملتان کے انفراسٹرکچر کی بہتری کے لئے بھی فنڈز نہیں ملتے تھے جس کے باعث ملتان کی شکل گرد، گرما، گداو گورستان کا منظر ہی پیش کرتی رہی۔ ملتان کی شکل بدلنے کا کریڈٹ موجودہ پنجاب حکومت کو جاتا ہے اور اس کے لئے محرک کمشنر عامر کریم خان بنتے ہیں جنہوں نے چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو ایسے منصوبے پیش کئے جن سے ملتان کی پسماندگی کو ترقی میں بدلا جا سکتا تھا۔ ظاہر ہے بڑے منصوبوں کے لئے بجٹ بھی زیادہ چاہیے ہوتا ہے اور ماضی میں اکثر وہی ہوتا رہا کہ منصوبے وقت کی گرد میں دبتے رہے کیونکہ فنڈز ہی دستیاب نہیں ہوتے تھے، جبکہ بیوروکریسی کی اس پالیسی کی وجہ سے جنوبی پنجاب میں احساس محرومی کا تاثر برقرار رہتا تھا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے اس ڈیڈلاک کے تسلسل کو توڑا۔ یہ کریڈٹ انہیں ملنا چاہیے۔ انہوں نے اچھے منصوبوں کے لئے فنڈز کی کمی آڑے نہیں آنے دی۔ کمشنر متعدد بار بتا چکے ہیں کہ کسی بھی عوامی ضرورت اور شہر کی ترقی کے منصوبے کو وزیراعلیٰ نے کبھی رد نہیں کیا جس کا نتیجہ یہ ہے برسوں سے تعطل کا شکار ملتان وہاڑی روڈ مکمل ہو چکی ہے، اس سڑک کی حالت اس قدر خراب تھی کہ لوگ چیچہ وطنی روڈ کا طویل راستہ اختیار کرتے تھے، اس طرح ملتان تا بہاولپور روڈ کا منصوبہ بھی شروع ہو چکا ہے دو دہائیوں سے حکومتیں اس کے لئے فنڈز مختص نہیں کرتی تھیں۔ خود ملتان شہر کے اندر آنے والی تبدیلیاں بھی خوش آئند ہیں اگرچہ ابھی بہت سے علاقے ایسے ہیں جہاں پسماندگی اپنے عروج پر ہے۔ خاص طور پر اندرون شہر کے علاقے، تاہم حسین آگاہی روڈ کو نئی شکل دے دی گئی ہے جو شہر کا اہم بازار ہے۔ ابھی بڑا لمبا سفر باقی ہے، کیونکہ لاہور کی ترقی ایک دن میں نہیں ہوئی تاہم اتنا ضرور ہے کہ اب وہ جمود ٹوٹ گیا ہے جو برسہا برس سے ملتان کو نظرانداز کرنے کے حوالے سے سامنے کی حقیقت نظر آتا تھا۔ اسے ہم پانچ ہزار سال پرانا شہر تو کہتے ہیں، لیکن اس کا مقدر یہ تو نہیں ہونا چاہیے کہ ملتان پانچ ہزار سال پرانا ہی نظر آئے۔ ملتان میں ہرفیلڈ روڈ اور ملتان ایونیو جیسے منصوبے شہر کو ترقی یافتہ شکل دینے کا باعث بن رہے ہیں۔

استحکام کی تلاش میں!

حامد ولید

پاکستان کی 77 سالہ سیاسی تاریخ عدم استحکام، آئینی بحرانوں، اور اقتدار کی رسہ کشی کی داستانوں سے بھری پڑی ہے، لیکن آج پاکستان جس موڑ پر کھڑا ہے، وہاں سیاسی دھند اتنی گہری ہے کہ آنے والے کل کا سراغ لگانا پہلے سے کہیں زیادہ دشوار ہو چکا ہے۔ سوال یہ نہیں کہ پاکستان کہاں جا رہا ہے، بلکہ اصل سوال یہ ہے کہ پاکستان سیاسی طور پر اس وقت کہاں کھڑا ہے؟ اس کا سیدھا اور سچ جواب یہ ہے کہ ملک ایک ایسے ”سیاسی اور آئینی جمود“ کا شکار ہے، جہاں ہر ادارہ اور ہر سیاسی فریق ایک دوسرے کے آمنے سامنے تو ہے، مگر آئین و قانون کے تحت راستے نکالنے کا عمل شل ہو رہا ہے۔ موجودہ سیاسی سیٹ اپ کا جائزہ لیا جائے تو بظاہر اسلام آباد میں اتحادی حکومت قائم ہے، لیکن اس اتحاد کی بنیاد عوامی مقبولیت کے بجائے سیاسی جوڑ توڑ اور مجبوریاں ہیں۔ پاکستانی سیاست میں ”طاقت کے مراکز“ کی حقیقت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا اگرچہ آئین کی رو سے تمام اختیارات پارلیمنٹ اور عوام کے منتخب نمائندوں کے پاس ہونا چاہئیں، لیکن حقیقت حال یہ ہے کہ فیصلہ سازی کا محور اب بھی غیر سیاسی اور مقتدر حلقے ہی ہیں۔ پاکستان کا موجودہ سیاسی ماڈل جسے اکثر ”ہائبرڈ سسٹم“ کہا جاتا ہے، پہلے سے زیادہ سخت اور منقسم ہے۔ سیاسی جماعتیں اقتدار میں آنے اور برقرار رہنے کے لئے مقتدر حلقوں کی حمایت حاصل کرنے کی دوڑ میں شامل رہتی ہیں، اور جب اقتدار ہاتھ سے نکل جائے تو اسی نظام کو للکارنا شروع کر دیتی ہیں، اس طرز عمل نے نہ صرف جمہوری قدروں کو پامال کیا ہے بلکہ سیاسی قیادت کی اخلاقی حیثیت کو بھی شدید نقصان پہنچایا ہے۔ پارلیمنٹ، عدلیہ اور انتظامیہ، جو ریاست کے تین بنیادی ستون ہیں، ایک دوسرے کے اختیارات پر تجاوز اور دباؤ کے ماحول میں کام کر رہے ہیں۔ ماضی میں عدلیہ کو سیاسی فیصلوں کی آماجگاہ بنا دیا گیا۔ اب آئین کی تشریح سے لیکر سیاسی مقدمات کی سماعت تک، عدلیہ کے فیصلوں پر پیدا ہونے والے تنازعات نے عدالتی نظام کی غیر جانبداری پر سوالات کھڑے کر دیئے ہیں۔ پارلیمنٹ، جسے قوم کی آواز ہونا چاہیے تھا، اب محض جلدی جلدی قانون سازی اور اپوزیشن کو دبانے کا آلہ بن کر رہ گئی ہے۔ پچھلے کچھ عرصے میں کی جانے والی آئینی ترامیم اور سخت قوانین نے آزادیٔ اظہار اور شہریوں کے بنیادی حقوق کو محدود کر دیا ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کا معاملہ پاکستان کی موجودہ سیاست کا سب سے بڑا چیلنج بنا ہوا ہے۔ پارٹی کے سربراہ عمران خان کے جیل میں ہونے کے باوجود پی ٹی آئی کا ووٹ بینک اور عوامی حمایت کا ایک بڑا حصہ برقرار ہے۔ سڑکوں کی سیاست کا خمار اور احتجاج کا خطرہ ہر وقت ایوانوں پر منڈلاتا رہتا ہے۔ اس تمام صورتحال میں اپوزیشن اور حکومت کے درمیان بات چیت کا کوئی راستہ موجود نہیں، جو کہ کسی بھی جمہوریت کی روح ہوتی ہے۔ سیاست اور معیشت ایک ہی گاڑی کے دو پہیے ہیں۔ پاکستان اس وقت سنگین معاشی بحران اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (IMF) قرضوں پر سانسیں لے رہا ہے، لیکن معاشی استحکام کی سب سے پہلی شرط سیاسی استحکام ہے۔ کوئی بھی غیرملکی سرمایہ کار یا ملکی تاجر ایسے ملک میں سرمایہ کاری کرنے کے لئے تیار نہیں ہوتا جہاں حکومت کی بقاء روزانہ کے حساب سے ناپی جاتی ہو، جہاں قوانین راتوں رات بدل جاتے ہوں اور جہاں احتجاج اور ہڑتالوں کا خدشہ مسلسل موجود رہے۔ سیاسی کشمکش کی قیمت عام پاکستانی مہنگائی، بے روزگاری، بجلی و گیس کے بھاری بلوں کی صورت میں ادا کر رہا ہے۔ آج کی سیاسی جنگ صرف پارلیمنٹ یا گراؤنڈ پر نہیں لڑی جا رہی، بلکہ اس کا ایک بڑا میدان سوشل میڈیا ہے۔ ایک طرف بیانیے پر قابو پانے کی سرکاری کوششیں ہیں تو دوسری طرف نوجوانوں کا وہ طبقہ ہے جو روایت سے ہٹ کر اپوزیشن اور ڈیجیٹل ذرائع پر بھروسہ کرتا ہے۔ بیانیے کی اس جنگ نے معاشرے میں قطبیت (Polarization) کو خطرناک حد تک بڑھا دیا ہے۔ اگر ان تمام عوامل کا مجموعی تجزیہ کیا جائے تو ہمارا نظام اس وقت ایک ”سیاسی دلدل“ میں کھڑا ہے۔ ایک ایسی دلدل جہاں آگے بڑھنے کا کوئی واضح راستہ دکھائی نہیں دیتا اور نہ ہی پیچھے ہٹنے کی گنجائش ہے۔ جب تک تمام سیاسی فریق (حکومت، اپوزیشن) اور مقتدر حلقے ایک میز پر بیٹھ کر آئینی حدود و قیود کا تعین نہیں کریں گے، یہ دلدل گہری ہوتی جائے گی۔ پاکستان کو فوری طور پر ایک نئے ”میثاق جمہوریت“ یا ”میثاق معیشت“ کی ضرورت ہے، جس میں یہ طے کیا جائے کہ انتخابات شفاف ہوں گے، عدلیہ آزاد ہوگی اور تمام ادارے اپنے آئینی دائرے میں رہ کر کام کریں گے۔ جمہوریت کا مطلب صرف ووٹ ڈالنا نہیں بلکہ عوام کی رائے کا احترام کرنا ہے۔ جب تک عوام کے فیصلے کو کھلے دل سے قبول نہیں کیا جائے گا، سیاسی عدم استحکام کا جن بوتل سے باہر ہی رہے گا۔ پاکستان اس وقت تاریخ کے اہم ترین موڑ پر کھڑا ہے۔ یہ مقام یا تو ہمیں ایک گہرے آئینی و معاشی بحران میں دھکیل دے گا یا پھر سیاسی قیادت کو یہ احساس دلائے گا کہ انا، انتقام اور اقتدار کی ہوس سے اوپر اُٹھ کر ملک کو بچانا ہوگا۔ اگر اب بھی ہوش کے ناخن نہ لئے گئے تو سیاسی بے یقینی کی یہ آگ ہمیں جلاتی رہے گی۔ پاکستان کو فوری طور پر ایک نئے ”میثاق جمہوریت“ یا ”میثاق معیشت“ کی ضرورت ہے، جس میں یہ طے کیا جائے کہ انتخابات شفاف ہوں گے، عدلیہ آزاد ہوگی اور تمام ادارے اپنے آئینی دائرے میں رہ کر کام کریں گے۔ جمہوریت کا مطلب صرف ووٹ ڈالنا نہیں بلکہ عوام کی رائے کا احترام کرنا ہے۔ جب تک عوام کے فیصلے کو کھلے دل سے قبول نہیں کیا جائے گا، سیاسی عدم استحکام کا جن بوتل سے باہر ہی رہے گا۔ پاکستان اس وقت تاریخ کے اہم ترین موڑ پر کھڑا ہے۔ یہ مقام یا تو ہمیں ایک گہرے آئینی و معاشی بحران میں دھکیل دے گا یا پھر سیاسی قیادت کو یہ احساس دلائے گا کہ انا، انتقام اور اقتدار کی ہوس سے اوپر اُٹھ کر ملک کو بچانا ہوگا۔ اگر اب بھی ہوش کے ناخن نہ لئے گئے تو سیاسی بے یقینی کی یہ آگ ہمیں جلاتی رہے گی۔

میری زندگی میں آئی وہ بے چین عورت

ڈاکٹر شہزاد اقبال شام

ڈاکٹر رقیہ (نام تبدیل شدہ) ایک دفتری کام کے سبب ہمارے گھر آئی اور آتی ہی رہی۔ یونیورسٹی میں ان دو کی محبت پروان چڑھی تو شادی میں بدل گئی۔ ایک بچہ پیدا ہوا۔ میاں ایک حساس ادارے میں اچھا عہدے دار اور وہ خود لیکچرر دونوں خوش باش لیکن دونوں کے سسرال اسی معروف معاشرتی گردان پر تھے: ہائے میرا بیٹا یا ہائے میری بیٹی۔ دونوں گھرانے پنڈی کی تنگ گلیوں میں مقیم تھے جن کی ذہنی ساخت ایک خاص وضع پر ڈھل چکی ہوتی ہے۔ میکے سسرال دونوں نے مل کر حالات بد سے بدتر کر دیے۔ ایک دن دونوں گھرانوں میں وہ تو تکار ہوئی کہ ڈاکٹر رقیہ مع بیٹے اور جہیز کے میکے میں تو شوہر مطلقاً آزاد۔ اہلیہ کے توسط سے رقیہ سے ملاقات ہوئی تو وہ قانونی مشورہ مانگ رہی تھی۔ مشاورت بڑھی اور بڑھتی چلی گئی۔ اتنی کہ ایک دن اس نے بچہ ددھیال بھیج دیا۔ اب میری اہلیہ کے کان کھڑے ہو گئے اور بحران کا بڑا حصہ میرے گھر آ گیا۔ اہلیہ ساس کے آگے جا کر رونے پیٹنے لگی۔ امی نے یہ کہہ کر اس کا خفقان مستقلاً دور کر دیا: ”دیکھو بیٹا، سنو! شہزادہ جس باپ کا بیٹا ہے نا، اسے مجھ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا۔ اس کے باپ میں وہ رگ ہے ہی نہیں جو کسی دوسری عورت کے لیے فالتو پڑی ہو۔ مت چنتا کرو۔ یہ بھی جانتی ہوں کہ شہزادہ ہر کام سوچ کر کرتا ہے۔ کچھ ٹھیک ہی کر رہا ہوگا۔“ امی نے بہت کچھ ٹھیک کہا تھا۔ میں نیک تو نہیں لیکن یہاں ابلیس سے ہمیشہ پنجہ آزمائی رہی۔ مسلم کی ایک روایت کا مفہوم ہے کہ ابلیس اپنے چیلوں کو باہر بھیجتا ہے کہ وہ لوگوں کو گمراہ کریں۔ شام کو رپورٹس لیتا ہے تو ایک چیلا کہتا ہے: ”آج میں نے چوری کرائی ہے“۔ ابلیس کہتا ہے: ”کچھ نہیں کیا“۔ دوسرا کہتا ہے: ”میں نے شراب نوشی عام کرا دی ہے“۔ ابلیس کہتا ہے: ”تم نے بھی کچھ نہیں کیا“۔ تیسرا کہتا ہے: ”میں نے آج میاں بیوی میں لڑائی کرا دی“۔ یہ سن کر ابلیس اتنا خوش ہوتا ہے کہ اسے گلے لگا کر کہتا ہے: ”ہاں یہ ہوئی نا بات، اصل کام تو تم نے کیا ہے“۔ چوری، شراب نوشی انفرادی اور لمحاتی جرائم ہیں۔ لیکن میاں بیوی کی جدائی دو قبیلوں، بچوں اور بھی رشتوں کو متاثر کرنے والا وہ فتنہ ہے، جس کے شعلے سب رشتے برباد کر دیتے ہیں۔ ان معنوں میں میری ہمیشہ ابلیس سے پنجہ آزمائی رہی۔ جہاں کہیں سنا کہ فلاں میاں بیوی میں ناچاقی پنپ رہی ہے، ہم دونوں میاں بیوی دوڑ کر وہاں بن بلائے پہنچے۔ کئی ناچاقیوں میں ہم نے ابلیس کو پچھاڑا اور خوب پٹخنیاں بھی دیں لیکن آج صرف ڈاکٹر رقیہ جسے میں نے ایک مثالی بیوی پایا۔ تمنا ہے کہ ہماری تمام خواتین ڈاکٹر رقیہ کو رول ماڈل بنالیں۔ اسی میں ان کی، ان کے بچوں کی، ان کے کنبے کی اور سبھی کی عافیت ہے۔ چنانچہ میں نے رقیہ کے شوہر سلیم سے رابطہ کیا۔ وہ طلاق پر مصر اور میں طلاق موقوف کرنے کا ملتجی۔ بات جب طلاق تک چلی گئی تو میں نے سلیم کے دفتر میں اپنی جان پہچان کے لوگوں سے کام لینے کی کوشش کی، کچھ نہ ہوا۔ پھر میں نے سلیم کے ایک دوست سے گفت و شنید کی لیکن پھر مرغے کی وہی ایک ٹانگ کیونکہ بوقت علیحدگی دونوں کے ماں باپ اور اہل خانہ میں اتنا گالم گلوچ ہوا تھا کہ دونوں گھر طلاق ہی پر مصر تھے۔ شوہر کے باپ کا تو علم نہیں لیکن رقیہ کا باپ اسے ہر حال میں طلاق لینے کا کہتا کہ ہماری اتنی بے عزتی ہوئی ہے کہ اب آبادی کی گنجائش نہیں ہے۔ تاہم شوہر طلاق دینے پر ذرا سا متردد بھی تھا۔ بیوی گھر بسانے پر مصر اور بہرحال گھر آباد کرنے کی متمنی تھی۔ پھر معلوم ہوا کہ وکیل طلاق نامہ تیار کر رہا ہے۔ میں سب کام چھوڑ کر کسی کے توسط سے وکیل کے پاس جا پہنچا اور طلاق کے الفاظ میں کچھ ردوبدل کرا دیا تاکہ طلاق کا مفہوم نہ بنے۔ پھر بھی پہلی طلاق رقیہ کو مل گئی۔ یہ ڈیڑھ سالہ داستان مختصراً پیش کر رہا ہوں۔ ایک رات سلیم کو فون کیا جو زندگی کی طویل ترین کال تھی۔ سوا چھ گھنٹے سے بھی زیادہ چلتی لیکن رمضان کا اختتام سحر ہو رہا تھا۔ بات نہ بنی۔ سوائے چھٹی کے رقیہ کے دن کا بیشتر حصہ ہمارے گھر میں گزرتا۔ میری اہلیہ متحیر کہ یہ کیسی خاتون ہے جو ہر روز ماں باپ اور کنبے سے بے عزتی کرا کر بھی اسی شخص کے ساتھ رہنے پر مصر ہے۔ ہم نے تو یہی دیکھا سنا اور پڑھا تھا کہ پڑھی لکھی اور خودکفیل عورت کسی کی نہیں سنتی۔ جب بھی میری اہلیہ رقیہ سے کچھ کہتی تو وہ ہنس کر ٹال دیتی۔ اب حال یہ کہ اس کی بلاناغہ آمد سے بات محلے سے نکل کر گاؤں میں پہنچ گئی۔ لیکن اب اہلیہ میری طرف سے مطمئن تھی اور ہم دونوں سب سے بے نیاز ابلیس سے دو ہاتھ کر رہے تھے۔ یہی دھن سوار تھی کہ یہ گھر آباد ہو اور جلد آباد ہو۔ تیسری طلاق سے ایک دن پہلے ہم نے رقیہ کو سسرالی محلے کے ایک گھر بھیج دیا۔ خاتون خانہ اسے شوہر کے گھر لے گئی۔ رقیہ وہاں بیٹھ گئی کہ: ”میں نے اپنے گھر سے نکلنا ہی نہیں۔ مار ڈالو، میں یہیں مروں گی“۔ اب اس کے سسر کا دھاڑتا ہوا فون آیا: ”شہزاد صاحب یہ مصیبت ہمارے گھر کیوں بھیجی ہے“۔ 15 شعبان 1998ء کو ہم میاں بیوی خود بھی وہاں جا دھمکے۔ مولوی صاحب آ چکے تھے۔ طلاق ابھی موثر نہیں ہوئی تھی، تاہم نیا نکاح ہوا اور منیر شامی نے ابلیس کو پچھاڑ کر جنگل کی راہ لی۔ رقیہ آج چار بچوں کے ساتھ اپنے گھر رہتی ہے۔ چند ماہ قبل اس کی بیٹی کی شادی میں ہم شریک ہوئے۔ آج خلع کی بڑھتی تعداد اور پچھتاوا زدہ خواتین کا سن کر مجھے ایک ہی خیال آتا ہے کہ کاش یہ خواتین رقیہ کی پیروی کریں۔ میں نے ڈاکٹر رقیہ سے پوچھا تھا کہ ”تمہارے شوہر میں وہ کیا خوبی ہے کہ تم سبھی سے بے عزتی کرا کر بھی اسی کی طرف لپکتی ہو“؟ بولی: ”شہزاد صاحب شوہر سے روزانہ 10 جوتے کھا سکتی ہوں کہ عورت ہوں لیکن طلاق یافتہ اور غیر محفوظ عورت بن کر دن بھر ہوس ناک نظروں کا سامنا کرنا فطرت پر قائم ہر عورت کیلئے ناممکن ہے۔ شہزاد صاحب میں فطرت پر قائم عورت ہوں“۔ میدان محشر میں جب سوال ہوگا کہ ”پیش کر غافل عمل کوئی اگر دفتر میں ہے“ تو آپ قارئین پلیز مجھ لڑکھڑاتے غافل کی طرف سے یہ تحریر داور محشر کے آگے رکھ دیجئے، پلیز

اردو کا مستقبل۔ ایک ذاتی تناظر (3)

شاہد ملک

یہ نئی صدی شروع ہونے سے چند برس پہلے کی بات ہوگی جب اسلام آباد میں تازہ رہائش اختیار کرنے والے ایک دوست کا بیٹا سہ پہر کو روتا روتا گھر میں داخل ہوا۔ باپ نے رونے کی وجہ پوچھی تو جواب ملا کہ گلی میں کھیلتے ہوئے ایک لڑکے نے مارا ہے۔ ”تو تم بھی اُسے مارتے۔“ ”میں کیہہ کردا؟ تالے مارداسی، تے تالے اردو بولدا سی۔“ اُس وقت تو مجھے یہ ڈائیلاگ محض ایک لطیفہ لگا تھا۔ اس لیے کہ مشرقی علوم سے بہرہ مند ہمارے یہ دوست، جو قومی خبر رساں ایجنسی کے سربراہ رہے، اردو کے جانے مانے صحافی تھے۔ پھر بھی اس چھوٹے سے واقع میں عقل مندوں کے لیے نشانیاں ہیں۔ جیسے ایک بنیادی سوال کہ آیا زبان، عام تاثر کی روشنی میں، صرف کمیونی کیشن کا ذریعہ ہوتی ہے یا پنجابی محاورے کے مطابق کسی پر ’ٹکس‘ ڈالنے کا وسیلہ بھی۔ پھر یہ کہ بچپن میں ماں بولی کی تحصیل غیر محسوس تجربہ سہی، لیکن کیا ایک ثانوی زبان یا سیکنڈ لینگویج کی سکھلائی بھی پرسہولت ہو سکتی ہے؟ اکثر ایسا نہیں ہوتا اور اس کا ایک سبب نامحسوس عمل اور شعوری کوشش کا فرق ہے۔ مادری زبان سے شناسائی اول گھر کی چار دیواری کے اندر اپنے گرد و پیش کے ذریعے ہوا کرتی ہے۔ چنانچہ لسانی تفہیم اور دنیا سے آگاہی ایک ہی تجرباتی سلسلہ بن جاتا ہے۔ جتنا موافق ماحول ہو اُتنی ہی فطری یہ واردات بھی ہوگی۔ ثانوی زبان سیکھنا اِس لحاظ سے مختلف ہے کہ ایک تو یہ دنیا کے ساتھ رابطے کا اولین وسیلہ نہیں ہوتی۔ دوسرے اِس عمل میں بالارادہ کاوش کو دخل ہوتا ہے۔ البتہ یہ ممکن تو ہے کہ کسی مادری اور ثانوی زبان کے درمیان ذخیرہء الفاظ، جملے کی ساخت اور آوازوں کا باہمی اشتراک اِس حد تک ہو کہ سیکھنے والا سیکنڈ لینگویج کے راستے میں دشواری محسوس نہ کرے۔ اچھا، اگر ایسا ہے تو پھر تعارفی پیراگراف میں اسلام آباد والا واقعہ کیوں؟ واقعہ یوں درج کرنا پڑا کہ ماں بولی کی عطاء کردہ لفظیات اور اُس سے وابستہ فکری و تخیلاتی پیرائے ایک عام فہم حقیقت تو ہیں، لیکن یہاں بات ختم نہیں ہو جاتی۔ دراصل انسانی سماج میں کسی زبان کے درجے کا تعین جن محرکات کے تابع ہوتا ہے اُن میں سے بیشتر غیر لسانی نوعیت کے ہیں۔ چنانچہ کثیر لسانی معاشروں میں اور بین الاقوامی سطح پر ترجیحی اور غیر ترجیحی زبان کے تصور کو اسی پس منظر میں فروغ ملا اور مواصلاتی انقلاب برپا ہونے پر مزید بل رہا ہے۔ دیکھئے نا، برصغیر میں بادشاہت اور پھر نوآبادیاتی عہد میں سب سے اوپر تو ہماری یہ سوچ رہی ہوگی کہ حاکم طبقے یا قوم کی زبان اپنائی جائے۔ ایک لحاظ سے یہ غیر شعوری طور پر اقتدار میں شریک ہونے کا ایک نفسیاتی حربہ ہوا لیکن ہر زمانے میں انسانوں کو ماں بولی سے ’ارفع تر‘ زبان سیکھنے کی ترغیب کئی اور پہلوؤں سے بھی ملتی ہے۔ لسانیات کی نصابی کتابوں میں اِن عوامل کو مختلف خانوں میں بانٹا گیا ہے۔ کون سی زبان سے آپ پہ بہتر روزگار کے دروازے کھلتے ہیں؟ کونسی بولی بول کر دنیا میں تجارتی لین دین، بیرونی یونیورسٹی میں داخلہ یا غیرملکی اسکالرشپ کا حصول زیادہ آسان ہو جاتا ہے؟ سائنس اور ٹیکنالوجی کے عہد میں وہ زبانیں ہدف توجہ ہیں جن کی بدولت مادی ترقی کی رفتار تیز تر ہو سکے۔ ترقی پذیر دنیا کے لیے بین الاقوامی امداد و تعاون کی منڈی میں فزیکل انفراسٹرکچر، افسروں کی تربیت و تعیناتی، علاقائی تنازعات میں فوجی برتری، یہاں تک کہ وبائی ویکسین کا سودا زبان کے شاپر میں لپیٹ کر دیا جاتا ہے۔ علاقائی شراکت داری کی خاطر چینی زبان سیکھنا ضروری ہوتا جا رہا ہے جبکہ ہماری نوجوانی تک سرکاری سکولوں میں چھٹی سے آٹھویں جماعت تک عربی یا فارسی میں سے ایک کی لازمی تعلیم نوزائیدہ پاکستان کے لیے تمدنی شناخت کا طاقتور حوالہ تھی۔ اب معاہدہء مکہ کے باوجود ایسا نہیں۔ تو پھر نئے تناظر میں اردو زبان اور رسم الخط کا مستقبل کیا ہے؟ یہی وہ سوال تھا جس کے جواب کی جستجو یونیورسٹی طلبہ کے ہاتھ سے رومن میں ٹائپ شدہ اردو خبرنامہ دیکھ کر میری اِس قسط وار تحریر میں ڈھلنے لگی۔ بہرحال، یہ اس لحاظ سے ایک نیا موضوع ہے کہ ہمارے اسکول کالج کے زمانے میں والد مرحوم بڑے جوش سے بتایا کرتے کہ آزادی سے پہلے اردو سارے ہندوستان میں بولی اور سمجھی جاتی تھی۔ میری دانست میں والد کے نزدیک اردو یا اُس سے ملتی جلتی وہ بولی مراد ہوگی جسے آبادی کا ایک حصہ ہندی یا ہندوستانی کہا کرتا۔ نام کچھ بھی ہو، نیو تھیٹر کلکتہ، بمبئی ٹاکیز اور پنچولی آرٹ لاہور کی فلمیں بول چال کی اسی زبان میں بنتیں، فلمی گیت اسی میں لکھے جاتے۔ یوں اس منجدھار کے اندر عربی و فارسی کی رویں مقامی الفاظ کی لہروں کے ساتھ ساتھ چلتی دکھائی دیتیں۔ بظاہر یہ ایک فطری بہاؤ تھا۔

جب وقار سیاست سے بلند ہو جائے

محسن اقبال

سیاست اختلاف کا نام ضرور ہے، مگر اختلاف کا مطلب دشمنی نہیں۔ جمہوریت کی اصل خوب صورتی بھی اسی میں پوشیدہ ہے کہ مخالف نظریات رکھنے والے لوگ ایک دوسرے کی بات سننے، اختلاف برداشت کرنے اور باہمی احترام کے ساتھ قومی معاملات پر گفتگو کرنے کا حوصلہ رکھتے ہوں۔ پارلیمان محض قانون سازی کی عمارت نہیں، بلکہ قومی شعور، سیاسی تہذیب اور اجتماعی کردار کی آئینہ دار بھی ہوتی ہے۔ اس ایوان میں بعض شخصیات اپنے منصب، سیاسی وابستگی یا اقتدار کے باعث پہچانی جاتی ہیں جبکہ کچھ لوگ اپنے اخلاق، متانت اور شرافت سے دلوں میں جگہ بناتے ہیں۔ چوہدری محمود بشیر ورک کا شمار انہی شخصیات میں ہوتا تھا جن کی زندگی اس حقیقت کی گواہی دیتی ہے کہ انسان کا اصل مقام اس کے عہدے سے نہیں، بلکہ اس کے کردار سے متعین ہوتا ہے۔ گوجرانوالہ سے تعلق رکھنے والے سینئر پارلیمنٹرین چوہدری محمود بشیر ورک 11 ستمبر 2026ء کو 88 برس کی عمر میں اس دنیا سے رخصت ہوئے۔ ان کے انتقال پر مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے ارکان کی جانب سے اظہار تعزیت اور خراج عقیدت اس بات کا ثبوت تھا کہ سیاسی وابستگیاں اپنی جگہ، مگر شرافت اور وضع داری کا احترام ان تمام حد بندیوں سے بلند ہوتا ہے جو سیاست میں انسانوں کے درمیان قائم ہو جاتی ہیں۔ چوہدری محمود بشیر ورک 25 دسمبر 1937ء کو گوجرانوالہ کے ایک معزز خاندان میں پیدا ہوئے۔ ان کی پرورش کاموورکاں، جسے قلعہ کاموورکاں بھی کہا جاتا ہے، میں ہوئی۔ ان کے والد چوہدری بشیر احمد ورک کی شخصیت کا ایک روشن پہلو 1947ء کے ہنگامہ خیز دنوں میں سامنے آیا، جب برصغیر کی تقسیم کے نتیجے میں انسانیت آزمائش سے گزر رہی تھی، خاندانی روایات کے مطابق، انہوں نے سکھ اور ہندو خاندانوں کو تحفظ فراہم کیا، جن میں کیپٹن اجیت سنگھ بٹالیہ کا خاندان بھی شامل تھا۔ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے قرآن مجید پر عہد کیا تھا کہ جن لوگوں کی حفاظت کی ذمہ داری قبول کی ہے، ان کی سلامتی کو یقینی بنائیں گے۔ یہ واقعہ محض ایک خاندانی روایت نہیں، بلکہ اس اخلاقی عظمت کی یاد دہانی ہے جو مذہب، ذات اور برادری کی تقسیم سے بلند ہو کر انسانیت کا ہاتھ تھام لیتی ہے۔ ایسے ہی واقعات معاشروں کے اجتماعی حافظے میں محفوظ رہتے ہیں اور آنے والی نسلوں کو بتاتے ہیں کہ مشکل ترین حالات میں بھی انسان اپنے کردار کی روشنی سے دوسروں کے لئے امید کا چراغ روشن کر سکتا ہے۔ محمود بشیر ورک کی شخصیت کو سمجھنے کے لئے ان کے خاندانی پس منظر کا یہ پہلو خاص اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے قانون کے شعبے کو اپنا پیشہ بنایا، سینئر قانون دان کی حیثیت سے خدمات انجام دیں اور گوجرانوالہ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر بھی رہے۔ اپنے شہر کے ایک نجی لاء کالج میں تدریس سے وابستگی نے انہیں قانون کے نظری اور عملی پہلوؤں کو سمجھنے کا مزید موقع دیا۔ وکالت کے دوران ان کا واسطہ آئینی اصولوں، عدالتی طریق کار اور عام شہریوں کے مسائل سے رہا۔ یہی تجربہ بعد میں ان کی پارلیمانی زندگی میں کام آیا، کیونکہ قانون ساز ادارے میں بیٹھنے والے شخص کے لئے ضروری ہے کہ وہ قانون کی روح، آئینی تقاضوں اور عوامی مشکلات سے واقف ہو۔ ان کی سیاسی زندگی کا آغاز قومی اسمبلی سے نہیں، بلکہ بلدیاتی سطح سے ہوا۔ 1962ء میں یونین کونسل کے چیئرمین منتخب ہو کر انہوں نے عوامی خدمت کا سفر شروع کیا۔ قومی اسمبلی میں ان کی پہلی کامیابی 1997ء کے عام انتخابات میں سامنے آئی، جب وہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدوار کی حیثیت سے گوجرانوالہ کی نمائندگی کے لئے منتخب ہوئے۔ 2002ء کے انتخابات میں انہیں کامیابی نہ مل سکی، لیکن 2008ء میں وہ دوبارہ قومی اسمبلی پہنچے اور 2013ء، 2018ء اور 2024ء میں بھی کامیابی حاصل کی۔ اس طرح انہوں نے قومی اسمبلی کے پانچ ادوار میں عوام کی نمائندگی کی۔ سیاسی حالات کی تبدیلی، انتخابی مقابلوں اور جماعتی صف بندیوں کے باوجود ان کا اپنے حلقے سے تعلق برقرار رہا۔ چوہدری محمود بشیر ورک مسلم لیگ (ن) اور بالخصوص میاں نواز شریف کے سیاسی حلقے سے وابستہ رہے۔

ABC CERTIFIED
Daily ASR-E-NAU Mastaung
روزنامہ عصرِ نو مستونگ

پی ایم ڈی سی کو کمزور کرنے کی سازشوں کو ناکام بنائیں گے، ورکرز یونین

پی ایم ڈی سی کی نجکاری کی مخالفت کرنے والے ادارے کو اپنے منصوبے خود چلانے سے کیوں روکنا چاہتے ہیں؟ قومی وسائل پر قومی ادارے کا اختیار ہونا چاہیے، پی ایم ڈی سی کو کمزور کرنے کی ہر کوشش کی مخالفت کریں گے

اگر PMDC کو نجی ہاتھوں میں نہیں دینا تو پھر اس کے معدنی وسائل اور منصوبے کس کے حوالے کیے جائیں؟ قومی ادارے کو اپنے وسائل استعمال کرنے سے روکنے کا آخر کیا جواز ہے؟ یونین نے واضح کیا کہ PMDC ایک قومی ادارہ ہے اور قومی ادارے کے وسائل پر بنیادی اختیار خود اس ادارے کا ہونا چاہیے

سورینج (یو این اے) یونائیٹڈ مائنز ورکرز یونین سی بی اے سورینج نے نام نہاد مائنز فیڈریشن کے رہنما کی جانب سے پاکستان منرل ڈیولپمنٹ کارپوریشن (PMDC) کے حوالے سے حالیہ پریس کانفرنس پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پریس کانفرنس میں اختیار کیا گیا مؤقف تضادات کا مجموعہ ہے، جس کے ذریعے بیک وقت دو متضاد مؤقف اپنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ یونین کے مطابق ایسے متضاد بیانات سے کان کنوں کے مسائل حل ہونے کے بجائے مزدوروں میں مزید ابہام اور بے یقینی پیدا ہوگی۔ یونائیٹڈ مائنز ورکرز یونین سی بی اے سورینج نے کہا کہ نام نہاد مائنز فیڈریشن ایک طرف PMDC کی نجکاری کی مخالفت کرتے ہوئے اسے قومی ادارہ قرار دیتی ہے، لیکن دوسری جانب جب بھی قومی ادارہ اپنی معدنی لیز اور منصوبے کو براہ راست خود چلانے کا فیصلہ کرتا ہے تو اس کی بھی مخالفت شروع کر دی جاتی ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر PMDC کو نجی ہاتھوں میں نہیں دینا تو پھر اس کے معدنی وسائل اور منصوبے کس کے حوالے کیے جائیں؟ قومی ادارے کو اپنے وسائل استعمال کرنے سے روکنے کا آخر کیا جواز ہے؟ یونین نے واضح کیا کہ PMDC ایک قومی ادارہ ہے اور قومی ادارے کے وسائل پر بنیادی اختیار خود اس ادارے کا ہونا چاہیے۔ اگر PMDC اپنی پیداواری سرگرمیاں براہ راست چلانے، اپنی تکنیکی صلاحیتوں کو بروئے کار لانے اور اپنے معدنی وسائل کو خود استعمال کرنے کی جانب پیش رفت کرتا ہے تو اس اقدام کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے، نہ کہ ایسے اقدامات کی مخالفت کر کے قومی ادارے کو مزید کمزور کرنے کی کوشش کی جائے۔ یونائیٹڈ مائنز ورکرز یونین سی بی اے سورینج نے نام نہاد مائنز فیڈریشن کے ذمہ داران سے سوال کیا کہ وہ اپنا مؤقف واضح کریں کہ آخر وہ چاہتے کیا ہیں؟ اگر PMDC کی نجکاری بھی قابل قبول نہیں اور قومی ادارے کو اپنی لیز اور منصوبے خود چلانے کی اجازت دینے پر بھی اعتراض ہے تو پھر اس ادارے کے وسائل کس کے حوالے کیے جائیں؟ کیا قومی وسائل کو ہمیشہ ٹھیکیداروں اور مفاداتی گروہوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا جائے؟ یونین نے کہا کہ قومی اداروں کی مضبوطی اور ان کے وسائل کا مؤثر استعمال ملکی مفاد میں ہے، اس لیے کسی بھی معاملے پر متضاد

بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 6 پر

اورماڑہ، "اورماڑہ لبزانکی گل" کا اہم اجلاس، 6 ماہ کے لیے نئی بااختیار آرگنائزنگ باڈی تشکیل

اورماڑہ (یو این اے) اورماڑہ کی معروف ادبی آرگنائزیشن اورماڑہ لبزانکی گل کا ایک اہم اجلاس غوث بہار پبلک لائبریری میں عبوری کابینہ کے سابق صدر ڈاکٹر نور ظہیر کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس کے آغاز میں ڈاکٹر نور ظہیر نے بتایا کہ

بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 6 پر



بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ چین کے کاروباری نمائندے مسٹر ڈوجون جی سے ملاقات کر رہے ہیں

عوام روشن مستقبل کے خواہاں ہیں، پروفیسر حلیم صادق

عوام اب ایسی سیاسی قیادت چاہتے ہیں جو اقتدار کو ذاتی مفادات کے بجائے عوامی خدمت کا ذریعہ بنائے اور ملک کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کرے، عوام پاکستان پارٹی عوامی مسائل کے حل اور ملک میں حقیقی تبدیلی کے لیے جدوجہد کر رہی ہے

عوام پاکستان پارٹی کی سیاست کا بنیادی مقصد عوام کو بااختیار بنانا، ملک میں بہتر حکمرانی کو فروغ دینا اور ایک ایسا نظام متعارف کرانے کے لیے جدوجہد کرنا ہے جس میں عام شہری کو عزت، انصاف اور ترقی کے یکساں مواقع میسر ہوں

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ عوام پاکستان پارٹی عوام کے لیے امید کی کرن بن چکی ہے، عوام آزمائی ہوئی سیاسی جماعتوں کی کارکردگی سے مایوس اور ان کی روایتی سیاست سے تنگ آ چکے ہیں۔ عوام اب ایسی سیاسی قیادت چاہتے ہیں جو اقتدار کو ذاتی مفادات کے بجائے عوامی خدمت کا ذریعہ بنائے اور ملک کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کرے۔ کوئٹہ میں صحافیوں کے گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ عوام کو مہنگائی، بے روزگاری، معاشی مشکلات اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی جیسے سنگین مسائل کا سامنا ہے، لیکن ماضی میں اقتدار میں رہنے والی جماعتیں عوام کی توقعات پر پورا اترنے میں ناکام رہی ہیں۔ عوام بار بار آزمائے گئے سیاسی تجربات سے نکل کر ایک ایسی متبادل قیادت کی تلاش میں ہیں جو عوام کی آواز بنے اور ان کے مسائل کو اپنی اولین ترجیح قرار دے۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ عوام پاکستان پارٹی کی سیاست کا بنیادی مقصد عوام کو بااختیار بنانا، ملک میں بہتر حکمرانی کو فروغ دینا اور ایک ایسا نظام متعارف کرانے کے لیے جدوجہد کرنا ہے جس میں عام شہری کو عزت، انصاف اور ترقی کے یکساں مواقع میسر ہوں

بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 6 پر

غیر ملکیوں کے انخلا کا مقصد سیکیورٹی و معاشی چیلنجز پر قابو پانا ہے، حمزہ شفقات

اس اقدام کے ذریعے صوبے میں سیکیورٹی کی صورتحال بہتر بنانے اور معاشی مسائل پر قابو پانے کی کوشش کی گئی ہے

صوبائی حکومت نے اس ضمن میں اقدامات کرتے ہوئے گزشتہ دو سال کے دوران 11 لاکھ سے زائد غیر قانونی غیر ملکیوں، جن میں افغان باشندے بھی شامل ہیں

کوئٹہ (یو این اے) ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ بلوچستان حمزہ شفقات نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کرتے ہوئے گزشتہ دو سال کے دوران افغان باشندوں سمیت 11 لاکھ سے زائد غیر قانونی غیر ملکیوں کو ان کے آبائی وطن واپس بھیج دیا ہے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد صوبے کو درپیش معاشی اور سیکیورٹی چیلنجز پر قابو پانا ہے۔ گزشتہ روز ایک سوال کے جواب میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ بلوچستان حمزہ شفقات نے بتایا کہ غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکیوں کی واپسی نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کا حصہ ہے۔ اس

بقیہ نمبر 4 صفحہ نمبر 6 پر

خضدار، لاکھارو میں شرپسندوں کی تخریب کاری، خضدار شہداد کوٹ روڈ پر واقع پل دھماکے سے تباہ

کرخ کے علاقے میں گزشتہ رات نامعلوم افراد کا حملہ، آمدورفت شدید متاثر، پولیس کی تحقیقات جاری

خضدار (یو این اے) ضلع خضدار اور سندھ کو ملانے والی اہم شاہراہ خضدار شہداد کوٹ روڈ پر تحصیل کرخ کے علاقے لاکھارو میں نامعلوم شرپسند عناصر نے ایک نالے پر قائم پل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات تحصیل کرخ کے سرحدی علاقے لاکھارو میں نامعلوم افراد نے خضدار سے شہداد کوٹ جانے والی مرکزی قومی شاہراہ پر واقع ایک اہم پل کے نیچے دھماکہ خیز مواد نصب کر رکھا تھا، جو اچانک زوردار دھماکے سے پھٹ گیا۔ دھماکے کے نتیجے میں پل کے ایک بڑے حصے کو شدید نقصان پہنچا اور وہ تباہ ہوگیا، جس سے دونوں صوبوں کے درمیان ٹریفک کی روانی اور مقامی و بین الصوبائی آمد و رفت شدید متاثر ہوئی۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی لیویز اور سیکیورٹی فورسز نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے

بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 6 پر

زبان و ادب کا فروغ نوجوانوں کا مثبت اقدام ہے، نصیر کبدانی

نصیر کبدانی لبزانکی دیوان جس خلوص کے ساتھ ادبی خدمات سرانجام دے رہی ہے، امید ہے کہ مستقبل میں بھی یہ اکیڈمی زبان و ادب کی ترقی کے لیے اپنا اہم کردار ادا کرتی رہے گی

اکیڈمی کو درپیش مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے اور ادبی سرگرمیوں کے تسلسل کے لیے اپنی طرف سے ہر ممکن تعاون اور سرپرستی کی یقین دہانی کروائی

خاران (یو این اے) ایڈیشنل کمشنر رخشان ڈویژن ظفر گویا نے نصیر کبدانی لبزانکی دیوان اکیڈمی خاران کا دورہ کیا۔ اکیڈمی آمد پر صدر شاہ جی شمیم، جنرل سیکرٹری شکور زاہد اور نائب صدر سفر خان راسکوئی نے دیگر عہدیداران کے ہمراہ معزز مہمان کا گرمجوشی سے استقبال کیا اور انہیں اکیڈمی کے قیام، اغراض و مقاصد اور ادبی سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ دورے کے دوران ایڈیشنل کمشنر رخشان ڈویژن ظفر گویا نے اکیڈمی کے لائبریری کا معائنہ سمیت مختلف شعبوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ایڈیشنل کمشنر

بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 6 پر



اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری اور ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی مختلف محکموں کے ماہانہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گوادر، جامعہ گوادر اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف میری ٹائم افیئرز میں تعلیمی و تحقیقی تعاون کا معاہدہ

طلبہ کو نیما میں انٹرن شپ، بلیو اکانومی، سی پیک اور میرین بائیوٹیکنالوجی پر مشترکہ تحقیق کرنے پر اتفاق

گوادر (یو این اے) جامعہ گوادر اور نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف میری ٹائم افیئرز پاکستان نے تعلیمی و تحقیقی تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے، جس میں بالخصوص بلیو اکانومی، چین پاکستان اقتصادی راہداری اور میرین بائیوٹیکنالوجی پر توجہ دی جائے گی۔ اس سلسلے میں دونوں اداروں کے نمائندوں کے درمیان آن لائن اجلاس منعقد ہوا۔ جامعہ گوادر کی جانب سے رجسٹرار ڈاکٹر دولت خان، ڈپٹی رجسٹرار عبدالماجد کے علاوہ شعبہ کیمسٹری کی لیکچرر عکین دلید، شعبہ زولوجی کی لیکچرر رتیقہ بلوچ اور شعبہ اکنامکس کی چیئرپرسن شمع سلیمان نے شرکت کی، جبکہ NIMA پاکستان کی نمائندگی ڈائریکٹر کمانڈر اویس انور، ڈپٹی ڈائریکٹر لیفٹیننٹ کمانڈر ڈاکٹر وقاص اور تحقیقی عملے نے کی۔ اجلاس کا اہم فیصلہ جامعہ گوادر کے طلبہ کو NIMA پاکستان میں انٹرن

بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 6 پر



دکی، ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد جوائنٹ انویسٹی گیشن کے سلسلے میں دکی کا دورہ کر رہے ہیں

کوہلو، ضلع کوہستان مری میں ڈیموں کی صفائی اور مرمت کا کام تیزی سے جاری

پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون کی کوششوں سے محکمہ اریگیشن کے زیر انتظام منصوبوں پر کام، بارش کے پانی کی محفوظ ترسیل ممکن ہوگی

کوہلو (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون کی خصوصی کوششوں سے محکمہ اریگیشن کے زیر انتظام ڈیموں کی صفائی اور مرمت کا کام تیزی سے جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون کی کوششوں سے محکمہ اریگیشن کے ایگزیکٹو انجینئر محمود خان مندوخیل کی زیر نگرانی ضلع کوہستان مری کے مختلف ڈیموں کی صفائی اور مرمت کا کام جاری ہے۔ اس اقدام کا مقصد ڈیموں کی بہتری، پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش برقرار رکھنے اور بارشوں کے پانی سے بہتر طور پر استفادہ کرنے میں مدد فراہم کرنا ہے۔ ڈیموں کی بروقت صفائی اور مرمت سے نہ صرف آبی وسائل کے بہتر انتظام میں مدد مل سکتی ہے بلکہ بارشوں کے پانی کو محفوظ بنانے اور مقامی آبادی کی ضروریات پوری کرنے کے امکانات بھی بڑھ سکتے ہیں۔ مختلف ڈیموں کی صفائی اور مرمت کا کام جاری ہے۔ اس اقدام کا مقصد ڈیموں کی بہتری، پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش برقرار رکھنے اور بارشوں کے پانی سے بہتر طور پر استفادہ کرنے میں مدد فراہم کرنا ہے۔ ڈیموں کی بروقت صفائی اور مرمت سے نہ صرف آبی وسائل کے بہتر انتظام میں مدد مل سکتی ہے بلکہ بارشوں کے پانی کو محفوظ بنانے اور مقامی آبادی کی ضروریات پوری کرنے کے امکانات بھی بڑھ سکتے ہیں۔

پی پی ایچ آئی کے نئے چیف آفیسر ڈاکٹر ایم بی راجہ کی شاندار کارکردگی پر تحریک انصاف کا خراج تحسین

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنماؤں سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میر وائس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، سردار بہلول خان کاکڑ نے اپنے ایک بیان میں پی پی ایچ آئی کے نئے چیف آفیسر ڈاکٹر ایم بی راجہ کی شاندار کارکردگی پر خراج تحسین پیش کیا ہے۔ جب سے نئے چیف آفیسر آئے ہیں پہلے سے زیادہ بہتر انداز میں پی پی ایچ آئی کی کارکردگی صوبے بھر میں مثالی نوعیت کی ہو رہی ہے۔ ہر بی ایچ یو میں وافر مقدار میں ادویات کی ترسیل بہتر انداز میں ہو رہی ہے۔ سینٹروں میں میڈیکل کا عملہ عوام کی خدمت میں موجود رہتی ہے۔ اس سے قبل صحت کے شعبے میں اس قسم کے انقلابی اقدامات سامنے نہیں آ رہے تھے۔ اب

بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 6 پر

ہندو برادری کے بسنت کمار کے بہیمانہ قتل پر بی اے پی رہنما راجہ رمیش لال کا گہرے دکھ کا اظہار

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری برائے اقلیتی امور راجہ رمیش لال نے سبی (سیوی) میں ہندو برادری سے تعلق رکھنے والے بسنت کمار کے بہیمانہ قتل پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک بے گناہ شہری کا اس طرح قتل انتہائی دلخراش واقعہ ہے، جس نے نہ صرف متاثرہ خاندان بلکہ پوری ہندو برادری کو غمزدہ کر دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ایسے افسوسناک واقعات سے معاشرے میں خوف و تشویش پیدا ہوتی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور متاثرہ خاندان کو انصاف فراہم کیا

بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 6 پر

گنداخہ شہر کی تعمیر و ترقی اور نکاسی آب کی بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے، چیئرمین میونسپل کمیٹی

محدود وسائل کے باوجود شہریوں کو بنیادی سہولیات اور درپیش مسائل سے ریلیف کی فراہمی ہماری ترجیح ہے

گنداخہ (یو این اے) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کہا ہے کہ شہر کی تعمیر و ترقی، عوامی فلاح و بہبود، بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی اور نکاسی آب کے نظام کی بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ چیف آفیسر اور کونسلران کے باہمی تعاون سے ترقیاتی منصوبوں کو آگے بڑھانے اور شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مشترکہ طور پر کام کیا جائے گا تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحصیل پریس کلب گنداخہ کے چیئرمین فرید احمد قمرانی سے گنداخہ کے دورے کے موقع پر ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور شہر کے دیرینہ مسائل کا حل میونسپل کمیٹی کی ترجیحات میں شامل ہے۔ گنداخہ شہر میں نکاسی آب کے نظام کی بہتری، سیوریج کے مسائل کے حل اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کو مؤثر بنانے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ میونسپل کمیٹی کے افسران اور کونسلران کے ساتھ مل کر عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترقیاتی اور فلاحی اقدامات کیے جائیں گے، کیونکہ شہریوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ اور انہیں بہتر شہری سہولیات فراہم کرنا ہماری بنیادی ذمہ داری ہے۔ ان اقدامات کا مقصد شہر کے انفراسٹرکچر کو بہتر بنانا اور عوام کو درپیش مسائل میں کمی لانا ہے۔

صحبت پور، نماز جمعہ کے موقع پر مساجد و امام بارگاہوں کی سیکیورٹی الرٹ، پولیس گشت میں اضافہ

ضلع بھر کی مرکزی مساجد پر جوان تعینات، امن و امان برقرار رکھنے کے لیے سخت حفاظتی تدابیر

صحبت پور (یو این اے) نماز جمعہ کے پیش نظر ضلع صحبت پور بھر میں پولیس کی جانب سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کیے گئے، جبکہ امن و امان کی فضا کو برقرار رکھنے کے لیے پولیس گشت میں بھی نمایاں اضافہ دیکھا گیا۔ تفصیلات کے مطابق نماز جمعہ کے موقع پر ضلع صحبت پور کی تمام چھوٹی بڑی مساجد اور امام بارگاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات عمل میں لائے گئے۔ سیکیورٹی پلان کے تحت پولیس لائن مسجد، ڈسٹرکٹ کمپلیکس (ڈپٹی کمشنر) مسجد، مسجد التوحید، غوثیہ مسجد، جمالی محلہ مسجد، انوار مصطفیٰ مسجد، فیضان مدینہ اور مرکزی امام بارگاہ گاؤں میر شاہ سمیت دیگر عبادت گاہوں پر پولیس کے مسلح جوانوں کو سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور کیا گیا۔ اس کے علاوہ شہر کے حساس علاقوں اور شاہراہوں پر پولیس موبائل کی

بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 6 پر



زیارت، وزیر اعلیٰ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے تحت مختلف سڑکوں کی تعمیر و مرمت کا کام جاری ہے

قصبوں اور اضلاع کے صحافی صحافت کی بنیاد ہیں، آر یو جے

اس اہم عمل میں پنجاب بھر کے علاقائی صحافیوں کی مؤثر نمائندگی اور ان کی تجاویز کو بھی شامل کیا جائے تاکہ صحافی برادری کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے جامع، متوازن اور قابل عمل قانون سازی کی جائے

پنجاب میں صحافتی قانون سازی میں علاقائی صحافیوں کو شامل کیا جائے، ریجنل یونین آف جرنلسٹس کا مطالبہ

کوئٹہ/لاہور (یو این اے) ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان نے پنجاب حکومت کی جانب سے پنجاب اسمبلی کے ذریعے صحافیوں کے حوالے سے قانون سازی کی ممکنہ تیاریوں سے متعلق اطلاعات کا خیر مقدم کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اس اہم عمل میں پنجاب بھر کے علاقائی صحافیوں کی مؤثر نمائندگی اور ان کی تجاویز کو بھی شامل کیا جائے تاکہ صحافی برادری کے تمام طبقات کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے جامع، متوازن اور قابل عمل قانون سازی کی جا سکے۔ علاقائی صحافی صحافت کی بنیاد اور عوامی آواز ہیں، جو بڑے شہروں سے دور قصبوں، تحصیلوں اور

بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر 6 پر

عوامی مسائل حل نہ ہونے پر سخت اور فیصلہ کن احتجاج ہوگا، عبدالجبار

انٹرنیٹ بندش، آٹے کی اسمگلنگ اور بدامنی پر آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کا ہنگامی اجلاس، انتظامیہ کو 29 اکتوبر کی حتمی ڈیڈ لائن جاری

ڈپٹی کمشنر ژوب سے روبرو ملاقات کر کے ان تمام عوامی مسائل کی تحریری نشاندہی کی جائے گی اور انتظامیہ کو ان کا فوری اور حتمی حل 29 اکتوبر تک نکالنا ہوگا

ژوب (یو این اے) آل پارٹیز ایکشن کمیٹی ژوب کا ایک انتہائی اہم اور ہنگامی اجلاس باچا خان مرکز ژوب میں زیر صدارت صدر آل پارٹیز ایکشن کمیٹی و جنرل سیکرٹری ٹرانسپورٹ یونین ژوب ڈویژن عبدالجبار منعقد ہوا، جس میں عوامی نیشنل پارٹی، جمعیت علمائے اسلام، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی، پاکستان تحریک انصاف، اور مرکزی انجمن تاجران ژوب کے قائدین اور نمائندوں نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس میں شہر کی موجودہ سنگین اور ناگفتہ بہ صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے گزشتہ 3 ہفتوں سے انٹرنیٹ کی مجرمانہ بندش

بقیہ نمبر 7 صفحہ نمبر 6 پر



لورالائی، کمشنر ولی محمد بڑیچ سپورٹس ویک کے اختتام پر کھلاڑیوں سے ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کے 95 فیصد اضلاع میں حکومتی رٹ ختم ہو چکی ہے، قاسم سوری

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور سابق ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر اپنے ایک بیان میں ملک میں امن و امان کی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے 95 فیصد اضلاع اس وقت دہشت گردی کی شدید زد میں ہیں اور وہاں حکومتی رٹ مکمل طور پر ختم ہو چکی ہے۔ صوبے میں شہریوں کو اغوا کیا جا رہا ہے، مال بردار گاڑیوں کو نذر آتش کیا جاتا ہے اور یہاں تک کہ سیکیورٹی فورسز کے 18 سے 20 جوان شہید کر دیے جاتے ہیں لیکن لاشیں تک اٹھانے نہیں دی جاتیں۔ قاسم سوری نے

بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر 6 پر

سنگڈاس پوسٹ پر بھتہ خوری کا سلسلہ بند کیا جائے، بیروزگار یونین

سنگڈاس پولیس چوکی پر تیل بردار چھوٹی گاڑیوں سے مبینہ بھتہ خوری فوری کا دھندہ عروج پر ہے

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان بے روزگار یونین کے صوبائی ترجمان نے ضلع قلات کے علاقے سنگڈاس میں قائم پولیس چوکی پر تیل بردار چھوٹی گاڑیوں سے مبینہ طور پر زبردستی بھتہ وصولی کی شکایات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اس سلسلے کو فوری طور پر بند کیا جائے اور معاملے کی شفاف تحقیقات کر کے ذمہ داروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں صوبائی ترجمان نے کہا کہ سنگڈاس پولیس چوکی پر تیل بردار چھوٹی گاڑیوں سے مبینہ غیر قانونی وصولیوں کے باعث گاڑیوں کے مالکان اور اس کاروبار سے وابستہ محنت کشوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ اس معاملے پر متعدد مرتبہ ایس ایس پی قلات کو شکایات سے آگاہ کیا جا چکا ہے، تاہم یونین کے مطابق اب تک کوئی مؤثر پیش رفت سامنے نہیں آئی اور مبینہ وصولیوں کا سلسلہ جاری رہنے کی شکایات موصول ہو رہی ہیں۔ بار بار شکایات کے باوجود مسئلے کا حل نہ نکلنا باعث تشویش ہے اور متعلقہ حکام کی توجہ کا متقاضی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بے روزگاری پہلے ہی ایک سنگین مسئلہ ہے، جہاں ہزاروں نوجوان روزگار کے حصول کے لیے مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ تیل بردار چھوٹی گاڑیوں کا کاروبار بھی متعدد بے روزگار نوجوانوں اور محنت کش خاندانوں کے لیے ذریعہ معاش کی حیثیت رکھتا ہے۔ ایسے حالات

بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 6 پر

فنڈز کی بندش نے بلدیاتی اداروں کی کارکردگی متاثر کر دی ہے، آل بلوچستان لوکل کونسل فورم

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان لوکل کونسل فورم کی جانب سے صوبے بھر کے تمام میئرز، ڈپٹی میئرز، ڈسٹرکٹ و میونسپل چیئرمینز، وائس چیئرمینز اور کونسلرز کے نام ایک اہم اعلامیہ جاری کیا گیا ہے۔ اعلامیے کے مطابق مورخہ 26 اکتوبر 2026 بروز پیر، صبح 10:00 بجے کوئٹہ پریس کلب میں تمام بلدیاتی نمائندوں سے پرزور شرکت کی اپیل کی گئی ہے۔ چونکہ اسی روز بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس بھی منعقد ہو رہا ہے، اس لیے نمائندگان اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے فنڈز کی عدم فراہمی، تنخواہوں و ترقیاتی فنڈز کی بندش، اختیارات اور وسائل کی کمی جیسے دیرینہ مسائل کو مؤثر انداز میں معزز اراکین اسمبلی

بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 6 پر



تربت، اسسٹنٹ کمشنر ندیم اقبال تجاوزات کے خاتمے کیخلاف احکامات جاری کر رہے ہیں

رحمت اللہ لائن مین کی شہادت افسوسناک واقعہ ہے، کیسکو لیبر یونین

کیسکو میں سیفٹی پالیسی پر مکمل عملدرآمد، فیلڈ اسٹاف کو حفاظتی آلات کی فراہمی یقینی بنائی جائے

کوئٹہ (یو این اے) کیسکو لیبر یونین کے ترجمان نے قلات میں دوران ڈیوٹی فیٹل ایکسیڈنٹ میں لائن مین رحمت اللہ کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ رحمت اللہ کی شہادت نہ صرف ان کے خاندان بلکہ کیسکو کمپنی اور محنت کش طبقے کے لیے بھی ناقابل تلافی نقصان ہے۔ کیسکو لیبر یونین شہید کے لواحقین کے غم میں برابر کی شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کی ہمت اور صبر عطا کرے۔ ترجمان نے کہا کہ کیسکو کے شہدا کے المناک واقعات کو ذاتی، گروہی اور ناجائز مفادات کے حصول کے لیے استعمال کرنا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ علاقے کی مخدوش امن و امان کی صورتحال، فیلڈ میں کام کرنے والے محنت کشوں کو درپیش حقیقی خطرات اور زمینی حقائق کو نظر انداز کرتے ہوئے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور آپریشنل ڈائریکٹر کو تعصبی تنقید کا نشانہ بنانا ایک غیر ذمہ دارانہ طرز عمل ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیسکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کے چیئرمین کے خلاف ماضی میں جاری کیے گئے متعصبانہ اور نسل پرستانہ بیانات اور مبینہ طور پر نسلی بنیادوں پر یونین عہدوں کی تقسیم نے بھی مخصوص طرز سیاست کو بے نقاب کر دیا ہے۔ ترجمان نے دو ٹوک الفاظ میں کہا کہ کیسکو لیبر یونین محنت کشوں کو قوم، زبان اور فرقے کی بنیاد پر تقسیم کرنے اور شہید رحمت اللہ کے خاندان

بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 6 پر

حب، ایس ایس پی مرزا بلال کی ہدایت پر حب سٹی پولیس کی کارروائیاں، ڈکیتی و چوری سمیت منشیات فروش گرفتار

خوردبرد شدہ رقوم، چرس، اسلحہ اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاتفریق اقدامات جاری

حب (یو این اے) ایس ایس پی حب مرزا بلال کی سخت ہدایات پر حب سٹی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر، ڈکیتوں اور منشیات فروشوں کے خلاف مسلسل اور مؤثر کارروائیاں کرتے ہوئے مختلف مقدمات میں ملوث متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے مسروقہ سامان، اسلحہ اور چرس برآمد کر لی ہے۔ تفصیلات کے مطابق حب سٹی پولیس نے ایک کارروائی کے دوران کوریئر کمپنی کے 5 لاکھ 93 ہزار روپے کی مبینہ خورد برد میں ملوث ایک ملزم کو گرفتار کر لیا، جس کے قبضے سے 350 گرام چرس بھی برآمد کی گئی۔ ایک اور کامیاب کارروائی کے دوران پولیس نے ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث 2 ملزمان کو ڈرامائی انداز میں گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 2 عدد موبائل فونز اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا 30 بور پستول بمعہ 3 عدد زندہ کارتوس برآمد کر لیے۔ مزید برآں، حب سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چوری شدہ موٹر سائیکل برآمد کر کے تمام قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد اصل مالک کے حوالے کر دی۔ ایس ایس پی حب مرزا بلال کا کہنا

بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 6 پر

کوئٹہ شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہو گیا ہے، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے ارکان سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، سردار حسن جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میر وائس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، سردار بہلول خان کاکڑ نے کوئٹہ شہر کی تباہ صورتحال پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سالانہ اربوں روپے کرپٹ میٹروپولیٹن انتظامیہ ترقیاتی اسکیمات اسٹریٹ لائٹ ڈیزل فیول کے نام پر اور تنخواہوں کے نام پر ضائع کیا جاتا ہے۔ اب عوام کو بھی صفائی کوئٹہ کے نام پر فی گھر 500 روپے ماہوار کے حساب سے لوٹا جا رہا ہے۔ کوئٹہ شہر میں آوارہ کتوں کی بہتات گندگی سے بھرا شہر ترقیاتی کاموں کے نام پر اربوں روپے کا

بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 6 پر

آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کا بلوچستان ریذیڈنشل کالج خضدار کا دورہ

بی آر سی ضلع کا قیمتی تعلیمی سرمایہ ہے، نئے پرنسپل کی آمد سے تعلیمی ماحول میں واضح بہتری آئی، ایڈووکیٹ عبدالحمید بلوچ

خضدار (یو این اے) خضدار کی معروف تعلیمی درسگاہ بلوچستان ریذیڈنشل کالج خضدار کا آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی خضدار کے چیئرمین اور ارکان نے تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران کمیٹی کے وفد نے کالج کے کلاس رومز، کمپیوٹر لیب، میس اور دیگر شعبہ جات کا جائزہ لیا اور طلبا سے ملاقات کر کے ان کے تعلیمی مسائل سنے۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ بی آر سی خضدار 1993 میں قائم ہوا اور 1994 میں یہاں باقاعدہ داخلے شروع ہوئے۔ اس وقت ادارے میں 322 طلبا ساتویں جماعت سے بارہویں جماعت تک زیر تعلیم ہیں۔ یہ ادارہ شروع دن سے خضدار سمیت پورے بلوچستان کے لیے معیاری تعلیم کا مرکز بنا ہوا ہے۔ آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کے رہنماؤں نے کہا کہ ہم تعلیم کے ساتھ ہیں اور بی آر سی کے ساتھ ہر قسم کے تعاون کیلئے تیار ہیں۔ بی آر سی کا کردار خضدار کی تعلیمی ترقی میں انتہائی اہمیت کا حامل ہے اور یہ ادارہ ہزاروں طلبا کا مستقبل سنوار چکا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ ہمیں امید ہے کہ نئے پرنسپل ادارے کے تعلیمی معیار کو برقرار رکھیں گے۔ گزشتہ ایک ماہ کے دوران کالج میں واضح بہتری دیکھنے میں آئی ہے، جس سے والدین اور شہری حلقوں میں اطمینان پایا جاتا ہے۔ دورے کے دوران بی آر سی کے پرنسپل نیک محمد نے کمیٹی کے ارکان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ شہری ایکشن کمیٹی نے کالج کا دورہ کیا۔ اس سے

بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 6 پر

تفتان، پاک ایران امیگریشن گیٹ پر تجارتی سرگرمیاں باقاعدہ بحال، تاجر برادری میں خوشی کی لہر

تفتان (یو این اے) پاک ایران سرحدی شہر تفتان میں ایف آئی اے امیگریشن گیٹ پر تجارتی سرگرمیاں باقاعدہ طور پر دوبارہ بحال کر دی گئی ہیں، جس کے بعد دونوں ممالک کے درمیان مال بردار گاڑیوں کی آمد و رفت اور درآمد و برآمد کا معطل شدہ سلسلہ بحال ہو گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق 19 اکتوبر کو پاکستان کی جانب سے ایران سے منسلک بارڈر کو عارضی طور پر بند کر دیا گیا تھا، جس کے باعث دونوں جانب مال بردار گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی تھیں اور تاجر برادری کو شدید مالی خسارے اور ذہنی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ تاہم وفاقی حکومت کی بروقت حکمت عملی اور اعلیٰ سطح کاوشوں

بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 6 پر

بولان، این 65 قومی شاہراہ پر ویکل آرڈیننس کی خلاف ورزی پر ٹریفک پولیس کا سخت کریک ڈاؤن

اوور لوڈنگ اور اوور اسپیڈنگ پر بھاری جرمانے اور گاڑیاں ضبط، مسافروں کو چھتوں پر نہ بیٹھنے کی ہدایت

بولان (یو این اے) این 65 بولان قومی شاہراہ پر ویکل آرڈیننس کی خلاف ورزی کرنے والی ٹرانسپورٹ کے خلاف سخت قانونی کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ٹریفک سارجنٹ کچھی نیاز احمد بزدار نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کچھی اور ایس ایس پی کچھی کے سخت احکامات پر من و عن عملدرآمد کیا جا رہا ہے۔ اس مہم کے دوران اوور لوڈنگ اور اوور اسپیڈنگ کرنے والے ویگن مالکان اور کوچز ٹرانسپورٹرز پر بھاری جرمانے عائد کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی گاڑیاں بھی تھانے میں ضبط کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹرانسپورٹرز کو

بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 6 پر

کوئٹہ، بلوچستان میں اقلیتی امور کے تمام ضلعی فوکل پرسنز اور خصوصی تقرریاں منسوخ

کوئٹہ (یو این اے) پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، حکومت بلوچستان جناب شفیع کنارکی باقاعدہ منظوری سے ایک اہم سرکاری نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے، جس کے تحت صوبے بھر میں محکمہ کی انتظامی ساخت میں بڑی

بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 6 پر

کوئٹہ، نصیر آباد میں سیکیورٹی فورسز کی بڑی کارروائی، 6 کلوگرام کا بم ناکارہ بنا کر دہشت گردی کا منصوبہ ناکام

کوئٹہ (یو این اے) سیکیورٹی فورسز نے نصیر آباد کے علاقے میں بروقت اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردی کا ایک بڑا منصوبہ ناکام بنا دیا اور 6 کلوگرام وزنی دیسی ساختہ بم (آئی ای ڈی) کو کامیابی سے ناکارہ بنا دیا۔ سیکیورٹی ذرائع

بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 6 پر

بلوچستان میں اعلیٰ تعلیم یافتہ خواتین کی موجودگی کے باوجود غیر اہل افراد کو ترجیح دینا لمحہ فکریہ ہے، ایڈووکیٹ ثانیہ بازئی

خواتین کو محض رسمی نمائندگی تک محدود رکھنے کے بجائے قابلیت اور تجربے کو اہمیت دی جائے، معروف قانون دان

کوئٹہ (یو این اے) معروف قانون دان ایڈووکیٹ ثانیہ بازئی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں اعلیٰ تعلیم یافتہ، باصلاحیت اور تجربہ کار خواتین موجود ہیں جو تعلیم، بیوروکریسی، عدلیہ اور دیگر اہم شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہی ہیں ایسے میں یہ سوال اپنی جگہ اہم ہے کہ جب صوبے میں قابل خواتین موجود ہیں تو ان کی نمائندگی کو ترجیح کیوں نہیں دی جاتی اور

بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 6 پر

اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری سے مختلف مکاتب فکر کی ملاقاتیں

عوامی نمائندوں اور شہریوں کا براہ راست رابطہ مسائل کی نشاندہی کے لیے ناگزیر ہے، قائد حزب اختلاف

خضدار (یو این اے) ایم پی اے خضدار و قائد حزب اختلاف بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری سے ان کی رہائش گاہ پر مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والی سیاسی و سماجی شخصیات، جماعتی احباب، صحافی برادری، کاروباری حضرات اور عوام کی بڑی تعداد نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران شرکا نے اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری کے سامنے اپنے

بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 6 پر

بقیہ عصر نو مستونگ 1

دوران طلبہ تک پہنچائے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نوجوانوں کو جدید تعلیم اور ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی تاکہ وہ مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں۔ اسلام آباد کے کنونشن سینٹر میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ کروم بکس کی تقسیم میں صرف میرٹ، محنت اور قابلیت کو بنیاد بنایا گیا ہے۔ اس پروگرام کے تحت طلباء و طالبات کو کروم بکس کے ساتھ بیگز اور انٹرنیٹ کی سہولت فراہم کرنے والی مائی فائی ڈیوائسز بھی دی جا رہی ہیں، جن کی مدد سے وہ گھروں میں بیٹھ کر اہم لائبریریوں اور دنیا بھر میں دستیاب تعلیمی وسائل سے استفادہ کر سکیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی تک رسائی نوجوانوں کے لیے علم کے نئے دروازے کھولے گی اور انہیں عالمی سطح پر اپنی صلاحیتیں منوانے کے قابل بنائے گی۔ ان کے مطابق تعلیم ایسی دولت ہے جسے کوئی چھین نہیں سکتا، جبکہ قابلیت اور محنت انسان کو معاشرے میں نمایاں مقام دلاتی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے سابق دور حکومت میں نواز شریف کی قیادت میں گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر سمیت ملک بھر کے چھ لاکھ نوجوانوں کو میرٹ کی بنیاد پر لیپ ٹاپ فراہم کیے گئے تھے۔ اس پروگرام کے ذریعے مستحق اور یتیم طلبہ کو بھی آگے بڑھنے کے مواقع ملے، کیونکہ ذہانت اور محنت کا تعلق کسی کی مالی حیثیت سے نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں چھ لاکھ لیپ ٹاپ دس سال کے عرصے میں تقسیم کیے گئے، جبکہ موجودہ پروگرام کے تحت پانچ لاکھ ہونہار طلباء و طالبات کو صرف دو سال میں کروم بکس فراہم کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے کورونا وبا کے دوران طلبہ کو فراہم کیے گئے لیپ ٹاپس کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ان آلات نے تعلیم جاری رکھنے میں اہم کردار ادا کیا اور متعدد طلباء و طالبات اپنی تعلیم مکمل کر کے ڈاکٹرز، انجینئرز اور دیگر شعبوں کے پروفیشنلز بنے۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ نئی اسکیم بھی نوجوانوں کی تعلیمی اور پیشہ ورانہ ترقی میں معاون ثابت ہوگی۔ وزیراعظم نے کروم بکس کی فراہمی کے لیے عطیہ دینے پر لوکیئر فاؤنڈیشن کے بانی راشد منہاس اور ان کی ٹیم کا خصوصی شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی دن رات محنت کر کے ملک کا نام روشن کرتے ہیں اور اس منصوبے میں ان کا تعاون پاکستانی نوجوانوں کی صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نوجوانوں کو عزت دیتے، ان کی حوصلہ افزائی کرتے اور انہیں بہتر مستقبل کے مواقع فراہم کرنے کے خواہاں ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ فاؤنڈیشن کی جانب سے پانچ لاکھ کروم بکس کی فراہمی نوجوانوں کو ڈیجیٹل سہولیات سے منسلک کرنے کی جانب اہم قدم ہے۔ وزیراعظم کی ہدایت پر طلبہ کو انٹرنیٹ کی سہولت بھی دی جا رہی ہے۔ ان کے مطابق ایک مائی فائی کنکشن سے پانچ مزید بچے بھی فائدہ اٹھا سکیں گے، جس کے نتیجے میں مجموعی طور پر 25 لاکھ بچوں تک اس پروگرام کے فوائد پہنچنے کی توقع ہے۔ رانا مشہود نے کہا کہ دانش اسکولوں کے ذریعے بھی مستحق طلباء و طالبات کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ وفاقی وزیر تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان بدلتے ہوئے تعلیمی تقاضوں کے مطابق نوجوانوں کے لیے اقدامات کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی برادری میں پاکستان کے مؤثر کردار کو مزید مستحکم بنانے کے لیے تعلیم کے شعبے میں سرمایہ کاری بڑھانا ضروری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جدید تعلیم اور ٹیکنالوجی تک رسائی نوجوانوں کو مستقبل کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے قابل بنائے گی اور ملکی ترقی میں ان کی شمولیت کو فروغ دے گی۔ لوکیئر فاؤنڈیشن کے چیئرمین راشد منہاس نے وزیراعظم اور ان کی ٹیم کو نوجوانوں کو ترجیحات میں نمایاں مقام دینے پر مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے بتایا کہ فاؤنڈیشن نے سرکاری اسکولوں اور دینی مدارس کے طلباء و طالبات کو کروم بکس فراہم کرنے کے لیے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فاؤنڈیشن کا مقصد طلباء و طالبات کو ڈیجیٹل دنیا کے ساتھ منسلک کرنا ہے تاکہ وہ جدید تعلیمی ذرائع سے فائدہ اٹھا سکیں اور اپنے مستقبل کو بہتر بنا سکیں۔ تقریب میں سابق قبائلی علاقوں سے تعلق رکھنے والے طالب علم سید شمس رضا اور گلگت بلتستان کے مدرسے میں زیر تعلیم عالیہ مہک صابر نے بھی اظہار خیال کیا۔ وزیراعظم نے سید شمس رضا کی جدوجہد کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ ان کے والد شہید ہو چکے ہیں، تاہم مشکل حالات کے باوجود وہ محنت کر کے ایک قابل پاکستانی بننے اور ملک و قوم کی خدمت کرنے کا عزم رکھتے ہیں۔ وزیراعظم نے ان کے حوصلے اور جستجو کو سراہا۔ مہک صابر کی پراعتماد گفتگو کا حوالہ دیتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ دینی مدارس کے طلباء و طالبات میں بھی بھرپور صلاحیتیں موجود ہیں، جنہیں مواقع فراہم کر کے مزید نکھارا جا سکتا ہے۔ کروم بکس حاصل کرنے والے طلباء نے کہا کہ دینی مدارس کے طلباء و طالبات کو اس پروگرام میں شامل کرنا خوش آئند ہے۔ ان کے مطابق دینی تعلیم کے ساتھ جدید اور دنیاوی تعلیم بھی ضروری ہے تاکہ وہ ملکی ترقی اور خوشحالی میں مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بتایا کہ اسلام آباد میں حال ہی میں دانش اسکول کا افتتاح کیا گیا ہے، جبکہ ملک بھر میں 27 دانش اسکول زیر تعمیر ہیں۔ ان کے مطابق ان اداروں میں معیاری تدریس، تربیت یافتہ اساتذہ، اسمارٹ بورڈز، آئی ٹی لائبریریوں اور کھیلوں سمیت غیر نصابی سرگرمیوں کی سہولیات فراہم کرنے کا منصوبہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان اسکولوں میں مستحق بچوں کو مفت تعلیم کے ساتھ رہائش اور کھانے کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کو بہتر مواقع دے اور انہیں ذمہ دار، باصلاحیت اور باکردار شہری بنانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ تقریب کے اختتام پر وزیراعظم نے ہونہار طلباء و طالبات میں کروم بکس تقسیم کیں۔ اس موقع پر اسلام آباد کے چاق و چوبند دستے نے طلباء کو سلامی پیش کی، جبکہ تقریب میں "پانچ لاکھ کروم بک، پانچ لاکھ خواب" کے عنوان سے تھیم سانگ بھی پیش کیا گیا۔ حکومت کے مطابق یہ پروگرام سرکاری اسکولوں اور دینی مدارس کے قابل طلباء و طالبات کو ڈیجیٹل وسائل تک رسائی دینے اور تعلیم کے میدان میں ان کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے کی کوشش کا حصہ ہے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 2

معاونین اور سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں ناگزیر ہیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کی بدولت دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری ہے اور پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ تک یہ جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ عصر نو مستونگ 3

شیرانی اور شعبان میں مستقل رہائش فراہم کرنے میں مدد کرتا تھا۔ عادل شاہ 2022 اور 2023 سے سیکیورٹی فورسز پر حملوں اور اغوا برائے تاوان کے لیے بھتہ خوری میں بھی ملوث رہا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق عادل شاہ کے خلاف انسداد دہشت گردی کی عدالتوں میں 19 ایف آئی آرز درج تھیں، جبکہ اس کے سر کی قیمت 25 لاکھ روپے مقرر کی گئی تھی۔

بقیہ عصر نو مستونگ 4

تھے۔ مفاہمتی یادداشت پر سعودی پاکستان بزنس کونسل کے چیئرمین شہزادہ منصور بن محمد السعود اور چیئرمین سی ڈی اے کیپٹن اشرف نے دستخط کیے۔ محسن نقوی کی جانب سے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کا خیر مقدم کیا گیا اور انہوں نے اس ضمن میں شہزادہ منصور بن محمد السعود کو مبارکباد دی۔ معاہدے کے تحت سعودی عرب کے سرمایہ کار اسلام آباد میں تھیم پارک پراجیکٹ کے لیے سرمایہ کاری کریں گے۔ سی ڈی اے تھیم پارک کے لیے اراضی فراہم کرے گی۔ چیئرمین سی ڈی اے و وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ تھیم پارک پراجیکٹ کے حوالے سے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے لیے آئے سعودی عرب سے آئے معزز مہمانوں کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے خیر مقدم کرتے ہیں۔ اسلام آباد کے انفراسٹرکچر کو جدید ترین شہروں کی طرز پر استوار کیا جا رہا ہے۔ سعودی سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ تھیم پارک ایک گیم چینجر پراجیکٹ ثابت ہوگا۔ اگلے چند ماہ میں سعودی عرب میں ریئل اسٹیٹ کے حوالے سے روڈ شو کا بھی پلان ہے۔ شہزادہ منصور بن محمد السعود نے کہا کہ پاکستان خصوصاً اسلام آباد میں سرمایہ کاری کے بہترین مواقع ہیں۔ سی ڈی اے کے ممبران اور سعودی وفد کے اراکین بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 5

قلات کے قریب کوئٹہ سے کراچی جانے والی چار مسافر کوچز پر نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے اپنے ہمراہ لے جانے اور مسافروں کو کھلے میدان میں اتارنے کے واقعے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ خواتین، بچوں، بزرگوں اور بیمار افراد سمیت مسافروں کو اس طرح بے یار و مددگار چھوڑ دینا انتہائی افسوسناک ہے۔ اس واقعے نے بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال اور عوام کے جان و مال کے تحفظ سے متعلق سنگین سوالات کھڑے کر دیے ہیں۔ تین روز قبل بھی چار مسافر کوچز اغوا کی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ بلوچستان کی اہم ترین شاہراہوں میں شمار ہوتی ہے، جہاں روزانہ ہزاروں مسافر سفر کرتے ہیں۔ اگر مسافر کوچز میں سفر کرنے والے شہری بھی محفوظ نہیں اور خواتین، بچوں، بزرگوں اور بیمار افراد کو دوران سفر اس قسم کی صورتحال کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو عام شہری خود کو کیسے محفوظ تصور کریں؟ ٹرانسپورٹرز پہلے ہی مختلف مسائل، مالی مشکلات اور بڑھتے ہوئے اخراجات سے دوچار ہیں، جبکہ شاہراہوں پر عدم تحفظ کے واقعات ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے صوبے میں امن و امان کے قیام اور عوام کو تحفظ فراہم کرنے کے دعوے کیے جاتے ہیں، لیکن زمینی صورتحال ان دعوؤں پر سوالات اٹھا رہی ہے۔ عوام یہ جاننے کا حق رکھتے ہیں کہ امن و امان کے قیام کے لیے اربوں روپے کے وسائل خرچ ہونے کے باوجود مسافروں، ٹرانسپورٹرز اور عام شہریوں کو تحفظ کیوں حاصل نہیں۔ اگر قومی شاہراہوں پر سفر کرنے والے شہریوں کی حفاظت یقینی نہیں بنائی جا سکتی تو امن و امان کے لیے کیے جانے والے اقدامات اور ان کے نتائج کا مؤثر جائزہ لینا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسافر کوچز میں سفر کرنے والے افراد اپنی منزل تک بحفاظت پہنچنے کی امید لے کر گھروں سے نکلتے ہیں، لیکن ایسے واقعات نہ صرف مسافروں بلکہ ان کے اہل خانہ میں بھی خوف و ہراس پیدا کرتے ہیں۔ اس صورتحال کے باعث ٹرانسپورٹرز میں عدم تحفظ کا احساس بڑھ رہا ہے اور مستقبل میں مسافر ٹرانسپورٹ کے نظام کو بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کے تحفظ کو اولین ترجیح دیں اور قومی شاہراہوں پر مؤثر حفاظتی انتظامات یقینی بنائیں۔ آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی اور دیگر ٹرانسپورٹر رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ واقعے کی فوری، شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کی جائیں، مسافر کوچز اور ان میں سوار افراد کے حوالے سے مکمل حقائق سامنے لائے جائیں، بمیہ طور پر ملوث مسلح افراد کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور کوئٹہ کراچی سمیت صوبے کی تمام اہم شاہراہوں پر مسافروں اور ٹرانسپورٹرز کے تحفظ کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو محض یقین دہانیوں کے بجائے عملی طور پر تحفظ فراہم کرنا حکومت اور متعلقہ اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔

بقیہ عصر نو مستونگ 6

اقتصادی تعاون میں پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اپریل 2026 میں ہونے والے پہلے اجلاس کے بعد دوطرفہ تعاون میں پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں پاک قطر مشترکہ تعاون کونسل اور آزاد تجارتی معاہدے پر جلد دستخط کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ پاکستانی حکام نے بتایا کہ معاہدے کی داخلی منظوری کا عمل مکمل ہو چکا ہے، جبکہ حتمی کارروائی جلد مکمل کرنے کے لیے قطر سے تعاون کی درخواست کی گئی۔ پاکستان نے قطر سے بڑی والے گوشت کی برآمد پر عائد پابندی جلد ختم کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔ پاکستانی حکام کے مطابق گوشت کی برآمدات سے متعلق جانوروں کی صحت اور فوڈ سیفٹی کی جامع تحقیقی دستاویزات قطر کو فراہم کر دی گئی ہیں۔ اجلاس میں پاکستان سے قطر کو سرکاری سطح پر چاول کی فراہمی کے مجوزہ معاہدے پر بھی بات چیت ہوئی۔ ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان اور قطر کی حصاد فوڈ کے درمیان مجوزہ معاہدہ منظوری کے لیے وفاقی کابینہ کو بھجوا دیا گیا ہے۔ پاکستان نے قطر کو جدید زراعت، اناج ذخیرہ کرنے، کولڈ اسٹوریج اور زرعی ٹیکنالوجی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ دونوں ممالک کے درمیان غذائی تحفظ کے لیے پائیدار سپلائی انتظامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں الیکٹرک گاڑیوں اور نئی توانائی سے چلنے والی گاڑیوں کی صنعت میں سرمایہ کاری، مشترکہ تیاری، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور صنعتی شراکت داری کے مواقع بھی زیر غور آئے۔ پاکستان نے قطر کو انفارمیشن ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل انفراسٹرکچر اور آئی ٹی کی خدمات کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ پاکستان اور قطر کے درمیان بحری نقل و حمل اور شپنگ کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر بھی گفتگو ہوئی۔ پاکستان نے آئل ٹینکرز، ایل این جی کیریئرز اور کنٹینر جہازوں کے شعبوں میں تعاون کے مواقع پیش کیے۔ پاکستان نے مجوزہ نئی کراچی حیدرآباد موٹروے کو قطری سرمایہ کاری کے لیے ایک اہم منصوبے کے طور پر پیش کیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اس منصوبے سے بندرگاہوں کے درمیان رابطہ کاری اور وسط ایشیائی ممالک کے ساتھ علاقائی تجارت کو فروغ ملے گا۔ قطر نے پاکستان کے ساتھ سول ایوی ایشن اور فضائی روابط میں تعاون بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا، جبکہ پاکستان نے اس تجویز کا خیر مقدم کیا۔ اجلاس میں مجوزہ سرمایہ کاری فنڈ اور مختلف ترجیحی شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ پاکستان نے زراعت، معدنیات، صنعت، تعلیم، صحت، سیاحت، آئی ٹی اور دیگر شعبوں میں تعاون کے لیے گیارہ تکنیکی ورکنگ گروپس کو جلد فعال بنانے پر زور دیا۔ پاکستانی حکام کے مطابق ان گروپس کے لیے پاکستان کے نمائندوں کی تفصیلات قطر کو فراہم کر دی گئی ہیں، جبکہ قطر سے بھی نمائندوں کی نامزدگیاں جلد مکمل کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ورکنگ گروپس تیسرے اجلاس سے قبل تجارتی اور سرمایہ کاری کے مواقع سمیت مختلف شعبوں میں پیش رفت کی رپورٹس تیار کریں گے۔ پاکستان قطر مشترکہ ٹاسک فورس کا تیسرا اجلاس پاکستان میں منعقد ہوگا۔ اجلاس کے اختتام پر وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور قطری وزیر مملکت ڈاکٹر احمد بن محمد السید نے مشترکہ ٹاسک فورس کے پہلے اجلاس کے منٹس پر باضابطہ دستخط کیے۔ دریں اثنا وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے دوحہ میں ورلڈ انویسٹمنٹ فورم کی سربراہ نان کی کولنز سے بھی ملاقات کی۔ ملاقات میں خطے کی موجودہ صورتحال، عالمی اقتصادی چیلنجز، علاقائی تعاون، اقتصادی روابط اور مشترکہ چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مربوط کوششوں کی ضرورت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ عصر نو مستونگ 7

التوحید والسنہ کے چار روزہ اجتماع کے آخری روز خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس سالانہ اجتماع میں ملک بھر سے ہزاروں کی تعداد میں علماء کرام، طلباء اور لوگوں نے شرکت کی۔ یہ اجتماع مرکزی امیر جماعت اشاعت التوحید والسنہ مولانا محمد طیب طاہری کی خصوصی دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔ گورنر نے اجتماع عام سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کی خوش قسمتی ہے کہ گورنر راج کے بعد ہم (وفاق اور خیبر پختونخوا) ایک پیج پر آگئے ہیں۔ صوبہ وفاق کے بغیر نہیں چل سکتا اور مسائل کا حل وفاق کے ساتھ مل کر ہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں جب وفاق میں پی ڈی آئی کی حکومت تھی، تو وفاق کے ساتھ ہمارے تنازعات رہے۔ میری کوشش ہے کہ وفاق اور دیگر صوبوں کے ساتھ برادرانہ تعلقات قائم رکھے جائیں کیونکہ وفاق کے بغیر صوبہ نہیں چل سکتا ہے۔ میں کسی رشتہ دار یا دوست کا سفارش نہیں کروں گا کسی اور کو بھی سفارش نہیں کرنی چاہیے۔ پہلے میں چالوں گا اس کے بعد اور چلیں گے۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف فیصلہ کن جنگ لڑنی ہے ہم امن چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا گورنر راج کا چھ ماہ کا عرصہ بہت ہے۔ انہوں نے تجاوزات کے خلاف کارروائی قانون کے مطابق کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پہلے اس قانون کو خود پر لاگو کروں گا۔ گورنر خیبر پختونخوا نے کہا کہ اگر میں غلط ہوں تو تنقید برائے اصلاح میڈیا کا جائز حق ہے، جبکہ تعلیم، صحت اور اداروں میں انقلاب لانا ہوگا۔ گورنر نے کہا کہ ہر کسی پر اعتراض ہو سکتا ہے مگر اداروں پر نہیں ہو سکتا ہے۔ خیبر پختونخوا سمیت پورے ملک میں امن کے لیے ایف سی، پولیس اور سیکیورٹی اداروں نے جانوں کے نذرانے پیش کیے ہیں۔ پاکستان، ترکی اور سعودی عرب معاہدے کے بعد آج خوش قسمتی ہے کہ مکہ مکرمہ بیت اللہ شریف اور مدینہ منورہ کی حفاظت بھی پاکستان آرمی کرے گا۔ صوبے میں جڑ پکڑنے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جائے گا، امن بحال کیا جائے گا اور معاشی ترقی و خوشحالی کے خواب کو شرمندہ تعبیر کیا جائے گا۔ گورنر نے خیبر پختونخوا کو دہشت گردی کی لعنت سے پاک کرنے اور عوام کو ایک پرسکون اور آزاد ماحول فراہم کرنے کے لیے

پورے عزم کے ساتھ کام کرنے کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ حکومت صحت اور تعلیم کے شعبوں میں انقلابی تبدیلیاں لانا چاہتی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ چھ ماہ کے اندر تمام متاثرہ اضلاع سے دہشت گردی کا خاتمہ ہو جائے گا اور عوام ترقی کی راہ پر گامزن ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا کا دور ہے، کوئی بھی شخص موبائل فون اٹھا کر حکومت پر تنقید کر سکتا ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہم خیبر پختونخوا کے قدرتی وسائل پر کسی قسم کا سمجھوتہ کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ مخالفین کی جانب اشارہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لوگ معدنیات کے بارے میں بہت باتیں کرتے ہیں، لیکن حقیقت میں معاملہ دیسا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس صوبے کے عوام کا اپنے معدنی وسائل پر پہلا حق ہے، اور صوبے کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کی ضروریات پوری کرنے کے بعد ہی ہم دوسروں کے ساتھ ان معدنی وسائل کے بارے میں بات کر سکتے ہیں۔ تاہم، گورنر نے خبردار کیا کہ کسی کو بھی ہمارے معدنی وسائل پر قبضہ کرنے کی جرات نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ کئی برسوں سے ہم نے پختونوں کو دکھ اور تکلیف میں دیکھا ہے، لیکن جہاں مسائل ہوتے ہیں، وہاں قدرتی وسائل بھی موجود ہوتے ہیں۔ خیبر پختونخوا پانی، بجلی، تیل اور دیگر قیمتی معدنیات سے مالا مال ہے، اور ملک کے دیگر صوبوں کے مقابلے میں اس کی حیثیت اور مقام منفرد ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ اور ترقی و خوشحالی کا عمل ساتھ ساتھ چلیں گے۔ جن کے پاس صوبے میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد تمام اختیارات موجود ہیں، نے کہا کہ جو لوگ معدنیات کی اور کے حوالے کرنے کی باتیں کرتے ہیں، وہ در حقیقت اس صوبے کی ترقی اور خوشحالی نہیں دیکھنا چاہتے۔ گورنر نے بتایا کہ حال ہی میں پشاور میں منعقدہ قبضہ کمیٹی کے اجلاس میں وزیراعظم شہباز شریف نے واضح کیا تھا کہ صوبے سے دہشت گردی کا خاتمہ حکومت کا بنیادی مقصد ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم نے خیبر پختونخوا کے عوام کے لیے 160 ارب روپے کے پیکیج کا بھی اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں پاکستان کو ایک منفرد مقام حاصل ہے جس پر ہمیں فخر ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ سعودی عرب میں مسلمانوں کے مقدس مقامات کی حفاظت کے لیے پاکستانی دستوں کا انتخاب کیا گیا ہے۔ کے مرکزی سربراہ مولانا محمد طیب طاہری نے اس اجتماع اور ملک کے لیے ان کی خدمات پر تفصیلی اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کچھ مذہبی رہنماؤں نے اپنے سیاسی مقاصد کے حصول کے لیے مختلف ہتھکنڈے اپنائے ہیں، لیکن انہیں چاہیے کہ وہ اپنی توجہ اپنے مذہبی کاموں پر مرکوز رکھیں اور ضرورت پڑنے پر حکومت کی رہنمائی کریں۔

بقیہ عصر نو مستونگ 8

مقابلہ کر سکیں، گہرائی مالیات تک رسائی حاصل کر سکیں اور نجی سرمایہ پیداواری ترقی کو تقویت دے سکے۔ گزشتہ روز شائع ہونے والے اپنے ایک آرٹیکل میں خرم شہزاد نے کہا کہ ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کے بنکاک میں منعقدہ سالانہ اجلاس کے موقع پر جی 24 وزراء اور ایس ایس ایف کے ساتھ ہماری بات چیت مختلف اہم امور پر مرکوز رہی، انہوں نے کہا کہ پالیسی کی پیکیجنگ کی جانب اگلے قدم کے لیے پالیسی کے تسلسل، بیرونی بفرز، کم سود کے بوجھ اور ادارہ جاتی بہتری کی ضرورت ہوگی، یہی وجہ ہے کہ بنکاک میں ہماری بات چیت خود فنانسنگ سے بالاتر تھی۔ خرم شہزاد نے کہا کہ آئی ایف سی اور دیگر شراکت داروں کے ساتھ ہم نے کان کنی، معدنیات، زراعت، کولڈ چین، ہاسنگ، ایس ایم ایز، فارماسیوٹیکل، پانی اور بجلی کے بنیادی ڈھانچے میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری بارے تبادلہ خیال کیا۔ اے آئی آئی بی اور پیک فنڈ اور دیگر اداروں کے ساتھ بات چیت میں بجلی کی مین کی خدمات انجام دے رہے ہیں، پاکستان چیئرمین شپ سنبھالنے کی تیاری کر رہا ہے اور اس پلیٹ فارم کو زیادہ جوابدہ بین الاقوامی مالیاتی ڈھانچے، ترقی پذیر معیشتوں کے لیے زیادہ نمائندگی اور ترقیاتی مالیات تک مضبوط رسائی کی وکالت کے لیے استعمال کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے قرض لینے والوں کے پلیٹ فارم کی کوآرڈی نیشن کونسل کی چیئرمین شپ بھی سنبھال لی، اس کا مقصد سمجھنا ضروری ہے یہ کوئی اجتماعی سودے بازی کا بلاک یا بحران سے نمٹنے کا طریقہ کار نہیں، یہ قرض لینے والے ممالک کے لیے ایک دوسرے سے سیکھنے، قرضوں کے انتظام کے طریقوں کو بہتر بنانے، اصلاحات کے تجربات کو شیئر کرنے، تکنیکی تعاون کو مضبوط بنانے اور ترقیاتی فنانسنگ کے جدید آلات کی تلاش کے لیے ایک فورم ہے تاکہ قرض مستقل رکاوٹ بننے کے بجائے ترقی کا کام کرے۔ مزید برآں دورہ بنکاک کے دوران پاکستان کو 2027 کے لیے ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے بورڈ آف گورنرز کے آنے والے چیئرمین کے طور پر باضابطہ طور پر نامزد کیا گیا جس میں وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور اور پاکستان کے ورلڈ بینک گروپ کے گورنر احد خان چیمہ کو اس عہدے پر خدمات انجام دینے کے لیے نامزد کیا گیا، پاکستان نے آخری بار یہ چیئرمین شپ 1953 میں سنبھالی تھی جو سات دہائیوں سے زائد عرصے میں پہلی بار 2027 میں دوبارہ سنبھالی جائے گی۔ عالمی بینک کے سرکاری اجلاس عام میں اس انتخاب کا اعلان کیا گیا جبکہ پاکستان کی وزارت اقتصادی امور نے اس کردار کو رکن ممالک کے درمیان مکالمے کو فروغ دینے اور عالمی اقتصادی و ترقیاتی مباحث میں اپنا حصہ ڈالنے کے ایک موقع کے طور پر اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ ان عہدوں کو محض اعزازی عہدوں کے طور پر نہیں دیکھا جانا چاہیے دراصل یہ ذمہ داریاں ہیں ایسے وقت میں جب ترقی پذیر معیشتیں زیادہ نمائندہ اداروں، ترقیاتی فنڈنگ میں پیش گوئی کے قابل تسلسل، نجی سرمائے کے زیادہ سے زیادہ انضمام اور موسمیاتی قرضوں سے متعلق کمزوریوں کے لیے زیادہ عملی حل کی متقاضی ہیں، پاکستان کے پاس اب ایک موقع اور ایک ذمہ داری موجود ہے کہ وہ تعمیری کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ اصل امتحان بنکاک کے بعد شروع ہوتا ہے۔ خرم شہزاد نے کہا کہ ہم بنکاک سے حوصلہ پا کر لوٹ رہے ہیں لیکن ہیں مطمئن ہو کر ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھنے والا بھی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے حوالے سے بین الاقوامی ردعمل میں واضح بہتری آئی ہے، سرمایہ کار زیادہ گہری دلچسپی لے رہے ہیں، بینک نئے خیالات کے ساتھ مسابقت کر رہے ہیں، ترقیاتی شراکت دار وسیع تر منصوبوں (پائپ لائنز) پر غور کر رہے ہیں، ریٹنگ ایجنسیاں محض منفی خطرات کے بجائے بہتری کی جانب بڑھنے کے راستے پر بات کر رہی ہیں، کیپٹل مارکیٹ تک رسائی بحال ہو گئی ہے، آئی ایم ایف پروگرام درست سمت میں گامزن ہے اور پاکستان کے اصلاحاتی و سرمایہ کاری کے ایجنڈے کو اب سنجیدہ توجہ مل رہی ہے جس کا تصور چند سال قبل کی شدید عدم استحکام کی صورتحال میں کرنا بھی مشکل تھا۔ مشیر وزیر خزانہ نے کہا کہ ساکھ بتدریج بحال ہوتی ہے اگلے مرحلے میں ہمیں مالیاتی اور بیرونی نظم و ضبط کو برقرار رکھنے، ٹیکس، توانائی اور سرکاری ملکیتی اداروں میں اصلاحات جاری رکھنے، شفاف انداز میں نجکاری کرنے، کاروباری ماحول کو بہتر بنانے، پالیسیوں میں تسلسل برقرار رکھنے، سرمایہ مارکیٹوں کو مزید وسعت دینے، بنیادی ڈھانچے کے تصورات کو قابل سرمایہ کاری منصوبوں میں تبدیل کرنے اور سب سے بڑھ کر پیداواری صلاحیت اور برآمدات میں اضافہ کرنے کی ضرورت ہے، ہمارا مقصد محض آئی ایم ایف پروگرام کو مکمل کرنا نہیں بلکہ ایسی معیشت تعمیر کرنا ہے جسے بار بار ایسے پروگراموں کی ضرورت نہ پڑے۔ بنکاک کے دورے کی اصل اہمیت بھی یہی ہے۔ خرم شہزاد نے کہا کہ گزشتہ سالانہ اجلاسوں کے برعکس بنکاک میں پاکستان کی عالمی حیثیت میں پانچ (اہم جہتوں کے حوالے سے ایک سٹرکچرل تبدیلی دیکھنے میں آئی جو عالمی حلقوں کے باوجود معاشی لچک، امن قائم کرنے والے ملک کے طور پر سفارتی ساکھ، بین الاقوامی سرمایہ کاری کے اعتماد کی بحالی، اہم عالمی مالیاتی پلیٹ فارمز پر قیادت اور عالمی معاشی معاملات میں زیادہ مضبوط آواز کی عکاسی کرتی ہے، یہ سب عوامل مل کر اس بات کی عکاسی کرتے ہیں کہ پاکستان بین الاقوامی معاشی نظام میں ایک زیادہ قابل اعتماد، باوقار اور تعمیری کردار ادا کرنے والے ملک کے طور پر ابھر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان وہاں یہ دعویٰ کرنے نہیں گیا تھا کہ اس کا معاشی کام مکمل ہو چکا ہے بلکہ یہ دکھانے گیا تھا کہ اب سمت تبدیل ہو چکی ہے، اہم بات ایک ایسے ملک کی تصویر پیش کی جس نے جغرافیائی سیاسی اور معاشی جھٹکوں کے دوران اپنے دفاعی معاشی حصار کو دوبارہ تعمیر کیا، مارکیٹ تک رسائی بحال کی، اپنی قومی ساکھ کو بہتر بنایا، اصلاحات کے عزم پر قائم ہیں اور پاکستان عالمی شراکت داروں پر زور دے رہا ہے کہ وہ پاکستان کو محض مالی ضروریات پوری کرنے والے ملک کے طور پر نہ دیکھیں، بلکہ سرمایہ کاری کے مواقع، لچک اور طویل مدتی ترقی کے حامل ملک کے طور پر دیکھیں۔ خرم شہزاد نے کہا کہ ہمیں سرمایہ کاروں، قرض دہندگان، ریٹنگ ایجنسیوں، کثیرالجہتی

GOVERNMENT OF PAKISTAN
CABINET SECRETARIAT
CABINET DIVISION

JOB OPPORTUNITIES
FOR BALOCHISTAN DOMICILE HOLDERS

Applications are invited from talented, qualified and motivated candidates possessing a valid domicile of Balochistan province for appointment against the following post.

SN	Designation & BPS	Qualification	Age limit		No. of Post
			Minimum	Maximum	
1	Staff Car Driver (BS-04)	i) Primary Pass ii) Valid Driving license holder and well versed in traffic rules	18 years	30 years	05

Terms and conditions:

1. Applications must be submitted through National Job Portal (**http://njp.gov.pk**) using the dedicated tab created for this recruitment exercise on or before **10.11.2026**.
2. Incomplete application or applications received after the closing date will not entertained.
3. Applicants already in government service or in the service of autonomous bodies, corporations, etc. must apply through proper channel after obtaining NOCs from their respective departments/organizations.
4. Only shortlisted candidates will be called for test / interview and no TA/DA shall be admissible for test / interview.
5. In addition to existing five years general relaxation in upper age limit under prevailing Government rules/policy, all candidates will also be allowed an upper age relaxation of five years instead of existing three years only for this special exercise.
6. The competent authority reserves the right to increase or decrease the number of vacancies, cancel or withdraw the recruitment process, or reject any application in accordance with the rules.
7. Candidates for the post of Staff Car Drivers shall be required to undergo a driving test and interview. Original documents will be checked at the time of the test/interview.
8. Deputy Director (IT), Cabinet Division can be contacted on 051-9103469 for any technical assistance for applying on National Job Portal.

(Ali Nawaz)
Section Officer (Admin-I) 2nd Floor,
Room No.2048, Cabinet Secretariat,
Cabinet Division, Islamabad, Tele: 051-9206487

URAAN PAKISTAN

PID(I)3766/26

شعبان سے اغوا ہونے والے خاندان کے 5 افراد ڈھائی سال بعد بھی بازیاب نہ ہو سکے

اس یقین دہانی کے باوجود انہیں تاحال مغویوں کے بارے میں کوئی واضح اطلاع فراہم نہیں کی گئی، جبکہ متعلقہ حکام کی جانب سے ملاقات کے لیے وقت بھی نہیں دیا جا رہا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع ہرنائی کے علاقے شعبان سے اغوا کیے گئے ایک خاندان کے پانچ افراد اڑھائی سال گزرنے کے باوجود بازیاب نہ ہو سکے، جس کے باعث مغویوں کے اہل خانہ شدید ذہنی اذیت اور اضطراب کا شکار ہیں۔ تفصیلات کے مطابق مغویوں میں کوئٹہ کے رہائشی شیخ شان رضا کے تین بیٹے اور دو بھتیجے شامل ہیں، جنہیں تقریباً اڑھائی سال قبل ہرنائی کے علاقے شعبان سے اغوا کیا گیا تھا۔ طویل عرصہ گزرنے کے باوجود مغویوں کے بارے میں کوئی واضح اطلاع نہ ملنے پر اہل خانہ کی پریشانی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ شیخ شان رضا کے

بقیہ 31 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں



پاکستان مسلم لیگ ق بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر رفیع اللہ اچکزئی ضلعی سطح پر قائم کور کمیٹی کے ممبران کو نوٹیفکیشن دے رہے ہیں

دہشتگردوں اور ان کے سہولت کاروں کو معاف نہیں کیا جائے گا، نور محمد دمڑ

قلعہ سیف اللہ میں دہشتگرد کمانڈر کی ہلاکت، فورسز کی کارروائی امن کے قیام کے لیے اہم پیش رفت ہے، سیکیورٹی اداروں کی قربانیاں قابلِ قدر ہیں، صوبائی وزیر خوراک

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے قلعہ سیف اللہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران دہشت گرد کمانڈر کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف مؤثر کارروائیاں بلوچستان میں امن و امان کے قیام کے لیے اہم پیش رفت ہیں۔ صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے اپنے بیان میں کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور منظم کارروائیاں دہشت گرد عناصر کی سرگرمیوں کو محدود کرنے اور صوبے میں امن دشمن منصوبوں کو ناکام بنانے میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ انہوں

بقیہ 32 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

ذرائع ابلاغ کے میدان میں تمام کارکن حق اور سچ اور تحقیق کو فروغ دیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

اس سلسلے میں سوشل میڈیا پر فعال کارکنان کی خدمات سے بھی استفادہ کیا جائے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق نے کہا کہ ذرائع ابلاغ کے میدان میں تمام کارکن حق اور سچ اور تحقیق کو فروغ دیں۔ اسی حوالے سے جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ماتحت یونٹوں کے سیکرٹریز اطلاعات کا اہم اجلاس ضلعی سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد کی زیر صدارت ضلعی دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں شعبہ اطلاعات کو فعال بنانے، تنظیمی رابطوں کو مستحکم کرنے اور جماعتی سرگرمیوں کی بھرپور تشہیر سے متعلق امور پر تفصیلی غور کیا گیا، شرکاء نے اجلاس کی آرا و تجاویز کی روشنی میں شعبے کو مزید منظم اور فعال بنانے کے لیے اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس سے ضلعی سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عبدالصمد حقیار، مفتی ابوبکر اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جماعتی مؤقف کی بہتر ترجمانی اور تنظیمی سرگرمیوں کی بھرپور تشہیر کے لیے تحصیلوں اور یونٹوں کی سطح پر شعبہ اطلاعات کو فعال بنانا ناگزیر ہے۔

بقیہ 10 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

ڈیرہ مراد جمالی اور اوستہ محمد میں نامعلوم مسلح افراد پانچ موٹر سائیکلیں، نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی اور اوستہ محمد ڈکیتی اور رہزنی کی مختلف وارداتیں پانچ موٹر سائیکلز نقدی اور موبائل فون چھین لیے گئے ملزمان فرار ہو گئے ڈکیتی اور رہزنی کے واقعات سے عوام سخت پریشان پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود پٹ فیڈر ریلوے پھاٹک کے مقام پر تین نقاب پوش مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر عابد علی ابڑو سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے ڈیرہ مراد جمالی صدر پولیس

بقیہ 11 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

کھر کھیڑہ کی 16 ہزار آبادی ماں اور بچے کی صحت کے مرکز سے محروم، محمد علی سوری

زچگی کے لیے خواتین حب اور کراچی جانے پر مجبور، سول ڈسپنسری میں ایم سی ایچ سینٹر قائم کرنے کا مطالبہ

وندر (یو این اے) سابق امیر جماعت اسلامی ضلع لسبیلہ محمد علی سوری نے کہا ہے کہ یونین کونسل کھر کھیڑہ کی تقریباً 16 ہزار نفوس پر مشتمل آبادی کے باوجود سول ڈسپنسری کھر کھیڑہ میں ماں اور بچے کی صحت اور زچگی کی سہولیات کے لیے کوئی مرکز قائم نہیں، جس کے باعث علاقے کے عوام بنیادی طبی سہولیات سے محروم ہیں۔ اپنے بیان میں محمد علی سوری نے کہا کہ مہنگائی کے موجودہ دور میں غریب عوام پہلے ہی معاشی مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ کھر کھیڑہ کی خواتین کو زچگی اور دیگر طبی مسائل کے علاج کے لیے حب اور کراچی کا رخ کرنا پڑتا ہے۔ ان کے مطابق نجی شعبے میں لیڈی ڈاکٹروں کی بھاری فیسیں ادا کرنا غریب خاندانوں کے لیے انتہائی مشکل ہو چکا ہے۔ انہوں

بقیہ 13 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

شہباز شریف، حافظ نعیم الرحمٰن ملاقات آئندہ دو روز میں متوقع ہے، لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کے درمیان آئندہ دو روز میں ملاقات متوقع ہے جس میں پٹرولیم لیوی کے خاتمے کا معاملہ زیر بحث آئے گا۔ لیاقت بلوچ کے مطابق وفاقی وزیر احسن اقبال اور وزیراعظم کے معاون خصوصی رانا ثنا اللہ خان نے ان سے ٹیلی فونک رابطہ کر کے مجوزہ ملاقات کے بارے میں آگاہ کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پٹرولیم

بقیہ 17 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

عوام تبدیلی اور روشن مستقبل کے خواہاں ہیں، پروفیسر حلیم صادق

عوام آزمائی ہوئی جماعتوں کی سیاست سے تنگ آ چکے ہیں، عوام پاکستان پارٹی امید کی کرن بن چکی ہے

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ عوام پاکستان پارٹی عوام کے لیے امید کی کرن بن چکی ہے، عوام آزمائی ہوئی سیاسی جماعتوں کی کارکردگی سے مایوس اور ان کی روایتی سیاست سے تنگ آ چکے ہیں۔ عوام اب ایسی سیاسی قیادت چاہتے ہیں جو اقتدار کو ذاتی مفادات کے بجائے عوامی خدمت کا ذریعہ بنائے اور ملک کو درپیش مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کرے۔ کوئٹہ میں صحافیوں کے گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ عوام کو مہنگائی، بے روزگاری، معاشی مشکلات اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی جیسے سنگین مسائل کا سامنا ہے، لیکن ماضی میں اقتدار میں رہنے والی جماعتیں عوام کی توقعات پر پورا اترنے میں ناکام رہی ہیں۔ عوام بار بار آزمائے گئے سیاسی تجربات سے نکل کر ایک ایسی متبادل قیادت کی تلاش میں ہیں جو عوام کی

بقیہ 1 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

پی ایم ڈی سی کو کمزور کرنے کی سازشوں کو ناکام بنائیں گے، ورکرز یونین

پی ایم ڈی سی کی نجکاری کی مخالفت کرنے والے ادارے کو اپنے منصوبے خود چلانے سے کیوں روکنا چاہتے ہیں؟ یونائیٹڈ مائنز ورکرز یونین

سورینج (یو این اے) یونائیٹڈ مائنز ورکرز یونین سی بی اے سورینج نے نام نہاد مائنز فیڈریشن کے رہنما کی جانب سے پاکستان منرل ڈویلپمنٹ کارپوریشن (PMDC) کے حوالے سے حالیہ پریس کانفرنس پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پریس کانفرنس میں اختیار کیا گیا مؤقف تضادات کا مجموعہ ہے، جس کے ذریعے بیک وقت دو متضاد مؤقف اپنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ یونین کے مطابق ایسے متضاد بیانات سے کان کنوں کے مسائل حل ہونے کے بجائے مزدوروں میں مزید الجھن اور بے یقینی پیدا ہو گی۔ یونائیٹڈ مائنز ورکرز یونین سی بی اے سورینج نے کہا کہ نام نہاد مائنز فیڈریشن ایک طرف PMDC کی نجکاری کی مخالفت کرتے ہوئے اسے قومی ادارہ قرار دیتی ہے، لیکن دوسری جانب جب یہی قومی ادارہ اپنی معدنی لیز اور منصوبے کو براہ راست خود چلانے کا فیصلہ کرتا ہے تو اس کی بھی مخالفت شروع کر دی جاتی ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا

بقیہ 9 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عبدالحکیم کا بلاک شدہ شناختی کارڈ بحال کروا دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) درخواست گزار عبدالحکیم نے بتایا کہ نادرا کی جانب سے انکا شناختی کارڈ بلاک کر دیا گیا تھا۔ متعدد بار نادرا دفتر کے چکر کاٹنے اور کمیٹیوں میں پیش ہونے کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی اور تاخیر کے خلاف درخواست دائر کی درخواست موصول ہوتے ہی

بقیہ 12 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

سوئی سدرن گیس کمپنی کی بے جا اضافی بلنگ، صارفین بلبلا اٹھے

سردی سے قبل ہی ہوشربا بلوں پر شہریوں کا شدید غم و غصہ، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اور چیف جسٹس ہائی کورٹ سے مداوا کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے کوئٹہ کے صارفین کو مبینہ طور پر بھاری گیس بل بھیجنے کا سلسلہ جاری ہے، جہاں صرف 26 یونٹ گیس استعمال کرنے والے ایک صارف کو 18 ہزار 410 روپے کا بل ارسال کیے جانے پر شہریوں میں تشویش اور غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ صارفین نے متعلقہ حکام سے اس صورتحال کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ صارفین کے مطابق کوئٹہ میں سردی کا باقاعدہ آغاز بھی نہیں ہوا، تاہم سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے بھاری بل بھیجنے کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ ایک

بقیہ 33 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

گوادر میں فورسز کا کامیاب آپریشن، 7 دہشتگردوں کی ہلاکت سیکیورٹی اداروں کی صلاحیتوں کا ثبوت ہے، ایڈووکیٹ ثانیہ بازئی

فتنہ ہندوستان کے پیروکار بلوچستان کی ترقی کا سفر نہیں روک سکتے، تمام طبقات کو یکجا ہونا ہوگا، قانون دان

کوئٹہ (یو این اے) ایڈووکیٹ ثانیہ بازئی نے کہا ہے کہ گوادر میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی بہادری، مستعدی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا واضح ثبوت ہے انہوں نے کارروائی کے دوران سات دہشت گردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کو تباہ کرنے اور ترقی کے سفر میں رکاوٹیں ڈالنے والے عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان خصوصاً گوادر معاشی ترقی، سرمایہ کاری اور عوامی خوشحالی کے حوالے سے انتہائی اہمیت رکھتا ہے دہشت گرد عناصر اپنی تخریبی کارروائیوں کے ذریعے عوام میں خوف و ہراس پیدا کر کے ترقیاتی عمل کو متاثر کرنا چاہتے ہیں، تاہم سیکیورٹی فورسز کی مؤثر حکمت عملی اور بروقت اقدامات ان کے عزائم ناکام بنانے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ بلوچستان میں پائیدار امن، شہریوں کے جان و مال

بقیہ 2 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں


قائمقام چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر اور خلیل جارج سردار نثار علی ہزارہ کے انتقال پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

خاران، ایڈیشنل کمشنر رخشان ڈویژن ظفر گویا کا نصیر کبدانی لہڑانی دیوان اکیڈمی کا دورہ

زبان و ادب کا فروغ نوجوانوں کا مثبت اقدام ہے، درپیش مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کیا جائے گا، ظفر گویا

خاران (یو این اے) ایڈیشنل کمشنر رخشان ڈویژن ظفر گویا نے نصیر کبدانی لہڑانی دیوان اکیڈمی خاران کا دورہ کیا۔ اکیڈمی آمد پر صدر شاہ جی تسیم، جنرل سیکرٹری شکور زاہد اور نائب صدر سفر خان راسکوئی نے دیگر عہدیداران کے ہمراہ معزز مہمان کا گرمجوشی سے استقبال کیا اور انہیں اکیڈمی کے قیام، اغراض و مقاصد اور ادبی سرگرمیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ دورے کے دوران ایڈیشنل کمشنر رخشان ڈویژن ظفر گویا نے اکیڈمی کے لائبریری کا معائنہ سمیت مختلف شعبوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ایڈیشنل کمشنر رخشان ڈویژن ظفر گویا نے اکیڈمی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ خاران جیسے خطے میں زبان و ادب کی ترویج اور فروغ کے لیے نوجوانوں کا یہ جذبہ انتہائی قابل تحسین اور مثبت اقدام ہے۔ نصیر کبدانی لہڑانی دیوان جس خلوص کے ساتھ ادبی خدمات سرانجام دے رہی ہے، امید ہے کہ مستقبل میں بھی یہ اکیڈمی زبان و ادب کی

بقیہ 14 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

سڑک کی خراب حالت بھی ٹریفک حادثات کی بڑی وجہ ہے، وقار احمد

کوئٹہ (این این آئی) سیکٹر کمانڈر نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس N-50 سیکٹر ون قلعہ سیف اللہ وقار احمد کا اپنے پیغام میں کہنا ہے کہ حادثات صرف ڈرائیور کی غلطی سے نہیں ہوتے بلکہ سڑکوں کی خراب حالت بھی حادثات کی بڑی وجہ بنتی ہے۔ وقار احمد نے اپنے پیغام میں کہا کہ سڑک محفوظ سفر کی بنیاد ہے، تنگ سڑکیں، گڑھے، خطرناک موڑ، روڈ مارکنگ اور کیٹ آئیز کی عدم موجودگی جبکہ وارننگ سائن بورڈز نہ ہونے سے حادثات کا خطرہ بڑھ جاتا ہے انہوں

بقیہ 8 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

پنجاب میں صحافتی قانون سازی میں علاقائی صحافیوں کو شامل کیا جائے، ریجنل یونین آف جرنلسٹس کا مطالبہ

قصبوں اور اضلاع کے صحافی صحافت کی بنیاد ہیں، صرف بڑے شہروں کی تجاویز پر قانون سازی غیر متوازن ہوگی

کوئٹہ/لاہور (یو این اے) ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان نے پنجاب حکومت کی جانب سے پنجاب اسمبلی کے ذریعے صحافیوں کے حوالے سے قانون سازی کی ممکنہ تیاریوں سے متعلق اطلاعات کا خیر مقدم کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اس اہم عمل میں پنجاب بھر کے علاقائی صحافیوں کی مؤثر نمائندگی اور ان کی تجاویز کو بھی شامل کیا جائے تاکہ صحافی برادری کے تمام طبقات کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے جامع، متوازن اور قابل عمل قانون سازی کی جا سکے۔ علاقائی صحافی صحافت کی بنیاد اور عوامی آواز ہیں، جو بڑے شہروں سے دور قصبوں، تحصیلوں اور اضلاع میں رہتے ہوئے عوامی مسائل، بنیادی سہولیات کی کمی، سرکاری اداروں کی کارکردگی، صحت، تعلیم، امن و امان، ترقیاتی منصوبوں اور دیگر اہم عوامی معاملات کو اجاگر کرتے ہیں۔ محدود وسائل اور مشکل حالات کے باوجود علاقائی صحافی نہ صرف اپنے علاقوں کی مؤثر نمائندگی کرتے ہیں بلکہ جمہوری

بقیہ 3 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

انٹرنیٹ بندش، آٹے کی اسمگلنگ اور بدامنی پر آل پارٹیز ایکشن کمیٹی کا ہنگامی اجلاس، انتظامیہ کو 29 اکتوبر کی حتمی ڈیڈ لائن جاری

عوامی مسائل حل نہ ہونے پر سخت اور فیصلہ کن احتجاج ہوگا، تمام تر ذمہ داری ڈپٹی کمشنر پر ہوگی، سیاسی و تجارتی قائدین کا اعلان

ژوب (یو این اے) آل پارٹیز ایکشن کمیٹی ژوب کا ایک انتہائی اہم اور ہنگامی اجلاس باچا خان مرکز ژوب میں زیر صدارت صدر آل پارٹیز ایکشن کمیٹی و جنرل سیکرٹری ٹرانسپورٹ یونین ژوب ڈویژن عبدالجبار منعقد ہوا، جس میں عوامی نیشنل پارٹی، جمعیت علمائے اسلام، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی، پاکستان تحریک انصاف، اور مرکزی انجمن تاجران ژوب کے قائدین اور نمائندوں نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس میں شہر کی موجودہ سنگین اور ناگفتہ بہ صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے گزشتہ 3 ہفتوں سے انٹرنیٹ کی مجرمانہ بندش، ژوب شہر سے گندم و آٹے کی سرعام اسمگلنگ اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والے شدید بحران اور آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے پر انتظامیہ کی نااہلی کو آڑے ہاتھوں لیا گیا۔ شرکا نے شہر میں جاری خودساختہ مہنگائی، بجلی نادارا لوڈشیڈنگ، منافع خوری اور امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر شدید غم

بقیہ 15 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

کوہلو، ضلع کوہستان مری میں ڈیموں کی صفائی اور مرمت کا کام تیزی سے جاری، پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا

کوہلو (یو این اے) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون کی خصوصی کوششوں سے محکمہ اریگیشن کے زیر انتظام ڈیموں کی صفائی اور مرمت کا کام تیزی سے جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے پرنسپل سیکرٹری عمران زرکون کی کوششوں سے محکمہ اریگیشن کے ایگزیکٹو انجینئر محمود خان مندوخیل کی زیر نگرانی ضلع

بقیہ 16 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

صحبت پور، منشیات اور جوئے کے اڈے قائم، پولیس وایکسائز کی پشت پناہی پر نوجوان نسل کی تباہی کا انکشاف

نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کی اسمگلنگ اور کرپشن سے بدامنی کا راج، اعلیٰ سطحی تحقیقات کا مطالبہ

صحبت پور (یو این اے) ضلع صحبت پور اور اس کے تمام گرد و نواح میں منشیات کی کھلے عام فروخت اور جوئے کے اڈوں کی سرپرستی کے باعث پوری نوجوان نسل تباہی کے دہانے پر پہنچ گئی ہے، جبکہ پولیس اور ایکسائز ڈیپارٹمنٹ کی مبینہ خاموشی اور بھاری نذرانوں نے شہر میں امن و امان کا نظام مکمل طور پر مفلوج کر دیا ہے۔ موصولہ رپورٹ کے مطابق صحبت پور ضلع بھر میں اس وقت آئس، کرسٹل اور چرس جیسی مہلک منشیات سرعام دستیاب ہیں، جس سے معصوم اور نوجوان نسل تیزی سے تباہی کی طرف جا رہی ہے۔ علاقے میں جوئے کے کھلے عام اڈوں کی موجودگی اور جرائم پیشہ عناصر کی سرپرستی کی وجہ سے علاقے میں امن و امان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہو چکی ہے، جبکہ ڈکیتی اور چوری کی روز افزوں وارداتوں سے شہریوں کے گھر اور شاہراہیں مکمل طور پر غیر محفوظ ہو کر رہ گئے ہیں۔ انکشافات کے مطابق ضلع میں نان کسٹم پیڈ (NCP) اور

بقیہ 7 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان ہائیکورٹ کا معذور افراد کے حقوق کے تحفظ سے متعلق رپورٹ طلب کرنے کا خیر مقدم کرتے ہیں، لالہ یوسف خلجی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان امن جرگے کے سربراہ لالہ یوسف خلجی نے کہا ہے کہ بلوچستان ہائیکورٹ کا معذور افراد کے حقوق کے تحفظ سے متعلق رپورٹ طلب کرنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ کی جانب سے معذور افراد کے حقوق کے مکمل نفاذ کو یقینی بنانے کیلئے متعلقہ محکموں اور اداروں کے نمائندوں کو شامل کرنے کی ہدایت ایک احسن اقدام ہے جس کا بلوچستان امن جرگہ خیر مقدم کرتا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان کے مطابق لالہ یوسف خلجی نے کہا کہ بلوچستان میں معذور افراد کی ایک بڑی تعداد موجود ہے سرکاری نوکریوں میں معذور افراد کے مخصوص کوٹے پر عملدرآمد نہ ہونے کی وجہ سے ہزاروں کی تعداد میں پڑھے لکھے معذور افراد بے روزگاری کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں اور نوکریاں نہ ملنے کی وجہ سے اکثر معذور افراد بھیک مانگ کر گزارا کر رہے ہیں۔

بقیہ 6 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

اورماڑہ، "اورماڑہ لبزانکی گل" کا اہم اجلاس، 6 ماہ کے لیے نئی بااختیار آرگنائزنگ باڈی تشکیل

سراج روشن آرگنائزر اور محمود سگار ڈپٹی آرگنائزر منتخب، ادبی سرگرمیوں کو نئے انداز سے فروغ دیا جائے گا، ڈاکٹر نور ظہیر

اورماڑہ (یو این اے) اورماڑہ کی معروف ادبی آرگنائزیشن اورماڑہ لبزانکی گل کا ایک اہم اجلاس غوث بہار پبلک لائبریری میں عبوری کابینہ کے سابق صدر ڈاکٹر نور ظہیر کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس کے آغاز میں ڈاکٹر نور ظہیر نے بتایا کہ 15 جولائی کو تین ماہ کی مدت کے لیے قائم کی گئی عبوری کابینہ اپنی آئینی مدت پوری کر چکی ہے اور چونکہ مقررہ مدت کے دوران باقاعدہ نئی کابینہ کی تشکیل عمل میں نہیں آ سکی اس لیے تنظیم کے انتظامی امور کو تسلسل کے ساتھ چلانے کے لیے نئے لائحہ عمل کی ضرورت ہے۔ اجلاس میں بلوچی زبان کے ممتاز شاعر سلیم بزنگ، نور بخش نور، سراج روشن، محمود سگار اور عارف ساجدی نے شرکت کی جبکہ شاعر عمر دین میر اور اسلم شہباز سمیت دیگر شعرا سے بذریعہ فون تفصیلی مشاورت کی گئی۔ تمام اراکین اور ادبی شخصیات کی باہمی رضامندی اور متفقہ فیصلے کے تحت 6 ماہ کی مدت کے لیے ایک بااختیار آرگنائزنگ باڈی تشکیل

بقیہ 4 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

گنداخہ، شہر کی تعمیر و ترقی اور نکاسی آب کی بہتری کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے، ڈاکٹر جاوید اختر جمالی

محدود وسائل کے باوجود شہریوں کو بنیادی سہولیات اور درپیش مسائل سے ریلیف کی فراہمی ہماری ترجیح ہے، پریس کلب سے گفتگو

گنداخہ (یو این اے) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کہا ہے کہ شہر کی تعمیر و ترقی، عوامی فلاح و بہبود، بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی اور نکاسی آب کے نظام کی بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ چیف آفیسر اور کونسلران کے باہمی تعاون سے ترقیاتی منصوبوں کو آگے بڑھانے اور شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کے لیے مشترکہ طور پر کام کیا جائے گا، تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تحصیل پریس کلب گنداخہ کے چیئرمین فرید احمد قمرانی سے گنداخہ کے دورے کے موقع پر ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور شہر کے دیرینہ مسائل کا حل میونسپل کمیٹی کی ترجیحات میں شامل ہے۔ گنداخہ شہر میں نکاسی آب کے نظام کی بہتری، سیوریج کے مسائل کے حل اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کو مؤثر بنانے کے لیے اپنی تمام تر

بقیہ 18 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

نوشکی غریب آباد حمید کالونی میں قبائلی رہنما کے گھر پر راکٹ حملہ، گھر کے افراد محفوظ رہے

راکٹ گولہ مہمان خانے پر لگا، پولیس فورس کا جائے وقوعہ کا معائنہ اور نقصانات کا جائزہ جاری

نوشکی (یو این اے) ضلع نوشکی کے علاقے غریب آباد حمید کالونی میں ایک سرکردہ قبائلی رہنما کے گھر پر نامعلوم سمت سے داغا گیا راکٹ کا گولہ جا گرا، تاہم خوش قسمتی سے واقعے میں کسی قسم کے جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعہ اس وقت پیش آیا جب ایک راکٹ کا گولہ غریب آباد حمید کالونی میں واقع قبائلی رہنما کے گھر کے مہمان خانے (بیٹھک) پر آ کر دھماکے سے لگا۔ دھماکے سے عمارت کے ایک حصے کو جزوی نقصان پہنچا، تاہم واقعے کے وقت مہمان خانے میں کسی فرد کی عدم موجودگی یا بروقت بچاؤ کے باعث کوئی

بقیہ 34 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

ہندو برادری کے بسنت کمار کے بہیمانہ قتل پر بی اے پی رہنما رابیہ ریمش لال کا گہرے دکھ کا اظہار

بے گناہ کا قتل دلخراش ہے، اقلیتوں کی جان و مال کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، ملزمان فوراً گرفتار کیے جائیں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری برائے اقلیتی امور رابیہ ریمش لال نے سبی (سیوی) میں ہندو برادری سے تعلق رکھنے والے بسنت کمار کے بہیمانہ قتل پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک بے گناہ شہری کا اس طرح قتل انتہائی دلخراش واقعہ ہے، جس نے نہ صرف متاثرہ خاندان بلکہ پوری ہندو برادری کو غمزدہ کر دیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ایسے افسوسناک واقعات سے معاشرے میں خوف و تشویش پیدا ہوتی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث ملزمان کو فوری گرفتار

بقیہ 5 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں


کوئٹہ: الائیڈ ہیلتھ پروفیشنل آرگنائزیشن بلوچستان کے نومنتخب صوبائی صدر جمال شاہ کاکڑ، جنرل سیکرٹری حاجی رحمت دہوار، چیئرمین غلام حیدر جھلگری، سینئر نائب صدر عبدالسلام اچکزئی کو ... مبارکباد دے رہے ہیں


کوئٹہ، تنظیم اسلامی بلوچستان کے زیراہتمام پریس کلب کے سامنے دینی کتب کے لگائے گئے اسٹال پر لوگ دینی کتابیں خرید رہے ہیں

پاکستان پیپلز پارٹی غریب عوام اور پسے ہوئے طبقات کی جماعت ہے، نورالدین کاکڑ

پارٹی تنظیم کو گراس روٹ لیول سے بنیادی یونٹ کی سطح تک مزید مضبوط اور فعال بنایا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی غریب عوام اور پسے ہوئے طبقات کی جماعت ہے پارٹی تنظیم کو گراس روٹ لیول سے بنیادی یونٹ کی سطح تک مزید مضبوط اور فعال بنایا جائے گا، جبکہ کارکنوں کے درمیان رابطوں اور تنظیمی سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو پیپلز پارٹی کوئٹہ سٹی کے سیکرٹریٹ میں ملاقات کرنے والے پارٹی کے عہدیداروں اور سینئر ساتھیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ ملاقات میں پی پی پی کوئٹہ سٹی کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری ملک شاہ زیب کاسی، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عزیز خان، میڈیا کوآرڈینیٹر ظفر خان داوی، صوبائی کونسل ممبر حاجی عبدالغفور سلیمانخیل، سینئر ساتھی ابراہیم آغا، نور علی داوی، حبیب اللہ اچکزئی سمیت دیگر بھی موجود تھے ملاقات کے دوران سیاسی صورتحال اور پارٹی کے تنظیمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ نورالدین کاکڑ نے

بقیہ 20 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نے گلستان میں 195 ایکڑ رقبے پر کاشت بھنگ کی فصل تلف کر دی

قلعہ عبداللہ (این این آئی) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نے ضلع قلعہ عبداللہ کی تحصیل گلستان میں انسداد بھنگ مہم 2026 کے تحت بھنگ کی کاشت کے خاتمے کے لیے مشترکہ کارروائی کے دوران مزید 195 ایکڑ اراضی کو بھنگ کی کاشت سے پاک کر دیا گیا، جس کے بعد مہم کے آغاز سے اب تک بھنگ کی کاشت ختم کی گئی اراضی کا مجموعی رقبہ 1,114 ایکڑ تک پہنچ گیا ہے۔ محکمے کے افسران کا کہنا تھا کہ 24 اکتوبر کو تحصیل گلستان کے علاقوں قدیل سیکئی اور عبدالرحمان زئی میں ضلعی انتظامیہ قلعہ عبداللہ نے

بقیہ 19 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

دوسرا پاکستان ٹورازم، اسپورٹس اینڈ فیملی فیسٹیول 6 سے 8 نومبر تک اسلام آباد میں منعقد ہوگا، سردار یاسر الیاس خان

پاکستان ٹورازم، اسپورٹس اینڈ فیملی فیسٹیول میں ڈیڑھ لاکھ افراد کی آمد متوقع ہے، مشیر وزیراعظم برائے سیاحت کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاحت سردار یاسر الیاس خان نے اعلان کیا ہے کہ دوسرا پاکستان ٹورازم، اسپورٹس اینڈ فیملی فیسٹیول 6 سے 8 نومبر 2026 تک پاکستان اسپورٹس کمپلیکس اسلام آباد میں منعقد ہوگا، جس میں سیاحت، کھیل، ثقافت، ایڈونچر، کھانوں، دستکاری، خاندانی تفریح اور عوامی سرگرمیوں کو ایک پلیٹ فارم پر یکجا کیا جائے گا۔ تین روزہ فیسٹیول میں پیراگلائیڈنگ، راک کلائمبنگ، نیزہ بازی، ونیج کار شو، گرم ہوا کے غبارے، ثقافتی پرفارمنسز، فیملی انٹرٹینمنٹ، روایتی دستکاری اور کھانے پینے کے اسٹالز سمیت متعدد دلچسپ سرگرمیاں پیش کی جائیں گی، جو پاکستان کی ثقافتی رنگارنگی، سیاحتی استعداد اور تفریحی مواقع کو اجاگر کریں گی۔ انہوں نے یہ اعلان اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، جہاں آئی سی سی آئی اور پاکستان ٹورازم

بقیہ 35 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

صحبت پور، منشیات اور جوئے کے اڈے قائم، پولیس وایکسائز کی پشت پناہی پر نوجوان نسل کی تباہی کا انکشاف

نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کی اسمگلنگ اور کرپشن سے بدامنی کا راج، اعلیٰ سطحی تحقیقات کا مطالبہ

صحبت پور (یو این اے) ضلع صحبت پور اور اس کے تمام گرد و نواح میں منشیات کی کھلے عام فروخت اور جوئے کے اڈوں کی سرپرستی کے باعث پوری نوجوان نسل تباہی کے دہانے پر پہنچ گئی ہے، جبکہ پولیس اور ایکسائز ڈیپارٹمنٹ کی مبینہ خاموشی اور بھاری نذرانوں نے شہر میں امن و امان کا نظام مکمل طور پر مفلوج کر دیا ہے۔ موصولہ رپورٹ کے مطابق صحبت پور ضلع بھر میں اس وقت آئس، کرسٹل اور چرس جیسی مہلک منشیات سرعام دستیاب ہیں، جس سے معصوم اور نوجوان نسل تیزی سے تباہی کی طرف جا رہی ہے۔ علاقے میں جوئے کے کھلے عام اڈوں کی موجودگی اور جرائم پیشہ عناصر کی سرپرستی کی وجہ سے علاقے میں امن و امان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہو چکی ہے، جبکہ ڈکیتی اور چوری کی روز افزوں وارداتوں سے شہریوں کے گھر اور شاہراہیں

بقیہ 25 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

پی پی ایچ آئی کے نئے چیف آفیسر ڈاکٹر ایم بی راجہ کی شاندار کارکردگی پر تحریک انصاف کا خراج تحسین

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنماؤں سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میر داسیر ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، سردار بہلول خان کاکڑ نے اپنے بیان میں پی پی ایچ آئی کے نئے چیف آفیسر ڈاکٹر ایم بی راجہ کی شاندار کارکردگی پر خراج تحسین پیش کیا ہے جب سے نئے چیف آفیسر آئے ہیں پہلے سے زیادہ بہتر انداز میں پی پی ایچ آئی کی کارکردگی صوبے بھر میں مثالی نوعیت کی ہو رہی ہے ہر بی ایچ یو میں وافر مقدار میں ادویات کی ترسیل بہتر انداز میں ہو رہی ہے سینٹروں میں ...

بقیہ 29 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

صحبت پور، مہنگائی پر قابو پانے اور ٹریفک کی روانی بحال رکھنے کیلئے انتظامیہ متحرک، بازاروں کے دورے شروع

سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی اور تجاوزات پر سامان ضبط اور بھاری جرمانے عائد ہوں گے، اسسٹنٹ کمشنر کی ہدایت

صحبت پور (یو این اے) ضلعی انتظامیہ صحبت پور نے شہر میں مسلسل بڑھتی ہوئی گرانفروشی پر قابو پانے اور اہم شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی بحال رکھنے کے لیے باقاعدہ فیلڈ کارروائیوں کا آغاز کر دیا ہے، جس کے تحت انتظامی افسران کو فوری متحرک کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین اور اسسٹنٹ کمشنر سیف الدین کھوسو کی خصوصی ہدایات پر نائب تحصیلدار صحبت پور دیدار علی گولو نے پٹواری عامر کریم اور میونسپل کمیٹی کے افسران کے ہمراہ صحبت پور شہر کے مختلف بازاروں، تجارتی مراکز اور شاہراہوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ فیلڈ وزٹ کے دوران نائب تحصیلدار نے گرانفروشی، ناجائز منافع خوری اور سڑکوں پر تجاوزات قائم کر کے ٹریفک میں خلل ڈالنے والوں کو سخت تنبیہ جاری کی۔ انہوں نے دکانداروں، سبزی فروشوں اور پرچون تاجروں کو ہدایت کی کہ وہ حکومت کے مقرر کردہ سرکاری نرخ نامے کی کامل پاسداری کریں اور

بقیہ 28 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان مسلم لیگ (ق) کو بلوچستان میں متحرک و فعال کرنے کیلئے ہر سطح پر کوشش کریں گے، ڈاکٹر رفیع اللہ اچکزئی

کارکن اور پارٹی رہنما سابق وزیراعظم و پارٹی سربراہ چوہدری شجاعت حسین کے پیغام کو گھر گھر پہنچائیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ق) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر رفیع اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ (ق) کو بلوچستان میں متحرک و فعال کرنے کیلئے ہر سطح پر کوشش کریں گے کارکن اور پارٹی رہنما سابق وزیراعظم و پارٹی سربراہ چوہدری شجاعت حسین کے پیغام کو گھر گھر پہنچائیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو مسلم لیگ (ق) ضلع چمن کے ضلعی سیکرٹریٹ میں منعقدہ پارٹی کے عہدیداروں اور کارکنوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئی کہی اجلاس میں باہمی مشاورت اور اتفاق رائے سے ضلعی سطح پر 23 رکنی کور کمیٹی تشکیل دی گئی جس کے چیئرمین حاجی نظر جان، ڈپٹی چیئرمین ملک حمید خان جبکہ ممبران میں شیر محمد آغا، سردار محمد، محمد طاہر، نظر گل،

بقیہ 21 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ریسٹورنٹس اور کیفیز کے دورے، ٹیکس قوانین پر عملدرآمد کی ہدایت

کوئٹہ: بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کی ٹیم نے مختلف ریسٹورنٹس اور کیفیز کے فیلڈ وزٹس کیے تاکہ قابل اطلاق ٹیکس قوانین پر عملدرآمد اور رجسٹریشن کی صورتحال کا جائزہ لیا جا سکے۔ دوروں کے دوران متعلقہ کاروباری اداروں کو رجسٹریشن اور دیگر قانونی و ٹیکس تقاضوں کی تکمیل کے حوالے سے نوٹسز جاری کیے گئے۔ کاروباری مراکز کی انتظامیہ کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنی رجسٹریشن مکمل کریں، ٹیکس ریٹرنز بروقت جمع کرائیں اور اپنی قانونی ذمہ داریوں کو پورا کریں۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے کاروباری برادری پر زور دیا ہے کہ وہ ٹیکس قوانین کی

بقیہ 22 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

لیگ (ن) کی حکومت کا بنیادی مقصد عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانا اور انہیں ریلیف فراہم کرنا ہے، چوہدری نعیم کریم

عوام کو امن، تحفظ اور معمول کی زندگی گزارنے کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے

کوئٹہ (این این آئی) پرائم منسٹر یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت کا بنیادی مقصد عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانا اور انہیں ریلیف فراہم کرنا ہے حکومت عوامی فلاح و بہبود، ترقیاتی منصوبوں، بنیادی سہولیات کی فراہمی کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے۔ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے رابطہ آفس سے جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف کی قیادت میں وفاقی حکومت عوامی خدمت، ترقی اور فلاح و بہبود کے ایجنڈے پر تیزی سے عمل پیرا ہے، عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی، تعلیم و صحت کے شعبوں کی ترقی اور عام آدمی کے مسائل کے حل کے لیے کیے جانے والے اقدامات قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت کے منصوبوں کا اصل مقصد عام شہری کی زندگی میں آسانیاں پیدا کرنا ہے

بقیہ 24 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

بی آئی اے کی اجازت کے بغیر کوئٹہ، جیک آباد قومی شاہراہ پر آر لوڈنگ، غیر روٹ پرمٹ گاڑیاں چلانے اور ویگنوں کی چھتوں پر مسافروں کو بٹھانے کیخلاف کارروائی

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان محمد حیات کاکڑ اور سیکرٹری پروونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی (PTA) بلوچستان عبدالمجید جونیجو کی خصوصی ہدایات پر ضلع کچھی کے علاقے ڈھاڈر میں کوئٹہ جیک آباد قومی شاہراہ پر اوورلوڈنگ، بغیر روٹ پرمٹ گاڑیاں چلانے اور ویگنوں کی چھتوں پر مسافروں کو بٹھانے کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کے دوران قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی 14 ویگنوں کے چالان کیے گئے، جبکہ 27 ویگنوں کے مالکان اور ڈرائیوروں کو وارننگ جاری کرتے ہوئے ٹریفک

بقیہ 26 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

قلعہ عبداللہ میں طویل لوڈشیڈنگ، کھمبوں سے تاروں کی چوری اور پانی کا بحران، افغان قومی موومنٹ کا شدید احتجاج

واپڈا کی ملی بھگت سے قومی اثاثہ چوری ہو رہا ہے، حکومت اور کیسکو چیف فوری نوٹس لیں، اے کیو ایم کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ (AQM) نے اپنے ایک صوبائی بیان میں ضلع قلعہ عبداللہ میں بجلی کی مسلسل طویل بندش، کیسکو (QESCO) عملے کی عدم توجہی اور تاروں کی چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر شدید تشویش اور برہمی کا اظہار کیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ قلعہ عبداللہ کے اکثر فیڈرز سے کیسکو کی مبینہ ملی بھگت اور غفلت کے باعث کھمبوں سے بجلی کے تار چوری ہو رہے ہیں۔ بجلی کی مسلسل بندش اور اندھیرے کی وجہ سے نشے کے عادی چور اور رہزن بے خوف و خطر قومی اثاثوں کو چوری کر کے مال غنیمت سمجھ رہے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ مکمل بے بسی کا مظاہرہ کر رہی ہے اور عوام کو اپنی مدد آپ کے تحت حفاظت کی تلقین کی جا رہی ہے۔

بقیہ 27 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

خضدار، لاکھارو میں شرپسندوں کی تخریب کاری، خضدار شہداد کوٹ روڈ پر واقع پل دھماکے سے تباہ

خضدار (یو این اے) ضلع خضدار اور سندھ کو ملانے والی اہم شاہراہ خضدار شہداد کوٹ روڈ پر تحصیل کرخ کے علاقے لاکھارو میں نامعلوم شرپسند عناصر نے ایک نالے پر قائم پل کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات تحصیل کرخ کے سرحدی علاقے لاکھارو میں نامعلوم افراد نے خضدار سے شہداد کوٹ جانے والی مرکزی قومی شاہراہ پر واقع ایک اہم پل کے نیچے دھماکہ خیز مواد نصب کر رکھا تھا، جو اچانک زور دار دھماکے سے پھٹ گیا۔ دھماکے کے نتیجے میں پل کے ایک بڑے

بقیہ 23 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان میں گیس، بجلی، آٹے اور ایل پی جی کا بحران، عوام کو جینے کے حق سے محروم کیا جا رہا ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

بلوچستان کو گیس و بجلی کی لوڈشیڈنگ سے استثنیٰ، بلوں میں رعایت اور خصوصی روزگار پیکج دیا جائے، جماعت اسلامی

کوئٹہ (یو این اے) جماعت اسلامی بلوچستان کے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بدامنی، گیس و بجلی کی قلت، بھاری بلوں، 18 سے 20 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ اور گندم، آٹے و ایل پی جی کے بحران نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ ان کے بقول اسلام آباد کے حکمران عوام دشمن پالیسیوں پر گامزن ہیں، جن کے باعث شہری مایوسی اور معاشی بدحالی کا شکار ہو رہے ہیں۔ کوئٹہ میں مختلف وفود سے ملاقاتوں کے دوران گفتگو کرتے ہوئے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ عوام سے جینے کا حق چھیننا کیسی حکمرانی ہے؟ سرحدوں اور شاہراہوں کی بندش، بدامنی، سخت سردی میں گیس و بجلی کی لوڈشیڈنگ اور ایل پی جی کی قلت نے بلوچستان میں زندگی مزید دشوار بنا دی ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ بدامنی اور دہشت

بقیہ 37 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

طلبہ سیاست پشتون قومی تحریک کا اہم حصہ ہے، خوشحال خان کاکڑ

لاہور/کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے چیئرمین و رکن قومی اسمبلی خوشحال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ طلبہ سیاست پشتون قومی تحریک کا اہم حصہ ہے اور نوجوانوں کو جمہوری، سیاسی اور قومی شعور سے آراستہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پنجاب میں مقیم پشتون طلبہ، مزدوروں اور محنت کشوں کو درپیش مسائل، امتیازی سلوک اور روزگار کی مشکلات کا خاتمہ اور ان کے بنیادی انسانی، شہری و آئینی حقوق کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن

بقیہ 38 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں



لاہور، پیپلز پارٹی لاہور کے زیر اہتمام ایل پی جی کی عدم دستیابی اور مہنگائی کیخلاف ریلی نکالی جا رہی ہے


کوئٹہ، سرداران سراوان قبائلی عمائدین نواب محمد خان شاہوانی، سردار کمال خان بنگلزئی، سردار محمد عاصم مریر اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

گلگت بلتستان کو پاکستان کیلئے ماڈل بنائیں گے، پی پی پی صوبے کا مطالبہ کر رہی ہے، امجد حسین

پی پی پی گلگت بلتستان کے مسائل ضرور حل کرے گی، اگر کسی کو کوئی گورننس دیکھنی ہے تو آئیں، وزیراعلیٰ گلگت بلتستان

کراچی (این این آئی) گلگت بلتستان کے وزیراعلیٰ امجد حسین نے خطے کو پاکستان کے لیے ماڈل بنانے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی گلگت بلتستان کو صوبے بنانے کا مطالبہ کر رہی ہے، اس سے مسئلہ کشمیر کو نقصان نہیں پہنچے گا۔ گلگت بلتستان کے وزیراعلیٰ امجد حسین نے کراچی میں پارٹی کارکنان سے خطاب میں کہا کہ گلگت بلتستان کے جو

بقیہ 36 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں

نیشنل ایکشن پلان پر عملدرآمد، دو سال میں 11 لاکھ سے زائد غیر قانونی غیر ملکیوں کا انخلا، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات

افغان باشندوں سمیت غیر ملکیوں کی واپسی کا مقصد سیکیورٹی صورتحال اور معاشی چیلنجز پر قابو پانا ہے، AC & C داخلہ

کوئٹہ (یو این اے) ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ بلوچستان حمزہ شفقات نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے نیشنل ایکشن پلان پر عمل درآمد کرتے ہوئے گزشتہ دو سال کے دوران افغان باشندوں سمیت 11 لاکھ سے زائد غیر قانونی غیر ملکیوں کو ان کے آبائی وطن واپس بھیج دیا ہے۔ اس اقدام کا بنیادی مقصد صوبے کو درپیش معاشی اور سیکیورٹی چیلنجز پر قابو

بقیہ 30 صفحہ نمبر 5 ملاحظہ فرمائیں



کوئٹہ: حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام یوتھ ووکیشنل اسکلز ٹریننگ پروگرام کے تحت خواتین مختلف شعبوں میں تربیت حاصل کر رہی ہیں